DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v60i1.1878

# نشوز زوجہ کی اصلاح کا قرآنی تصور روایتی اور معاصر آرا کا خصوصی مطالعہ

کلثوم پراچہ ❁

# The Qur'anic Concept to Address the Rebellious Attitude of Wife; A Special Study of Traditional and Contemporary Views

**Kalsoom Paracha** ❁

**Abstract**: According to Islamic law, the exercise of the powers acquired as a result of a conjugal contract is not based on absolute monopoly. In its view, it is necessary for the couple to exercise their powers within the scope and spirit of the marriage contract. Exceeding the limits of these powers, non-cooperative behavior and rebellious attitude is called "*Nushūz*" in the Qur'anic terminology. The Holy Qur'an uses this word for each of the spouses. The Qur'an has also pointed out three ways to remove the non-cooperative attitude of a wife, i.e. *wa'ẓ* (admonishing), *ḥajr fi almaḍhaji'* (refuse to share their beds) and *ḍarb*. In particular, the concept of "ḍarb" has been much debated. A large number of Quranic commentators present the Quranic verse in the context of the husband's authority, so in their case the husband has the right to discipline the wife with beating her lightly i.e. without harming (*ḍarb ghair mubarraḥ*) but this concept is objected to by a number of contemporary of Muslim scholar. The question is also discussed here whether the subject of the verse is a piece of advice or a preferred rule. The following article discusses the traditional way of thinking and contemporary perspectives in the Qur'anic context of the addressing wife's disobedience.

**Keywords:** Qur'an, conjugal rebelliousness, husband, wife, marital separation

## Summary of the Article

In the eyes of Islamic Shari'ah, the use of family powers obtained as a result of the marriage contract is not based on absolutism, that one party uses his

---

❁ پروفیسر / چیئر پرسن شعبہ علوم اسلامیہ، دی ویمن یونی ورسٹی، ملتان۔

❁ Professor/Chairperson Department of Islamic Studies, The Women University, Multan. (drkalsoom@wum.edu.pk)

authority to serve the interest of the other party, so it is necessary for the spouses to use their authority legitimately and correctly within the scope of the marriage contract. Exceeding the limits of authority, non-cooperation and rebellious behavior, like any other contract, leads to sabotage of the marriage contract and is defined in the Qur'anic term as "*Nushūz*" which is used literally in the sense of exaltation and dominance. An Arabic lexicographer Ibn Faris (A.D. 1004) says that this word was later used as a metaphor, so "*Nashāzāt al-Mar'ah*" means a woman's disobedience to her husband and "Nashāzā Ba'luhu" means a husband is to oppress and beat his wife.

The Holy Qur'an (4:34) has mentioned three measures for remediation a wife's disobedience. Among these measures, the first is "*wa'ẓ*" (to advise). At another place, the Holy Qur'an has interpreted "*Maua'ẓ Ḥasnah*" which means to make it clear to the one who is being advised that the person giving the advice is well-wisher and advised person benefits from it. The second technique is "*Hajr fi Al-Madhaj'*", which literally means "separation in the bedrooms", it is a psychological treatment of *Nushūz* in the sense that the husband expresses his reluctance to make the wife change her non-cooperative behavior. The third method of remedy is "*dharb*". According to the majority interpreters of the Qur'an, it means to beat. In their opinion the Holy Qur'an has given the permission for a husband to beat a disobedient and rebellious wife with the word "*idhrebohūn*", but it has not described this act in any detail.

There are many examples in the Holy Qur'an where the absolute command is restricted by considering other verses or traditions, so the beating that Allah has permitted to the husband of a disobedient wife is "*Dharb Gair Mubarah*" meaning to beat without violence, because this order is described as binding in the hadiths. In contemporary modern opinion, physical discipline, even if symbolic, is morally reprehensible. In their view, Islam's principle of gender equality does not support this, and the verse of "*Tasrīh Be ihsān*" (terminating the relationship in a noble manner) (2:229) is also incompatible with "beating" in the sense of domestic violence. Also, this meaning is not compatible with the purpose of marriage.

Many contemporary studies of this verse mean that the verse is abstract, so in this context, the meaning of this verse as a license to beat wives or to impose one-sided submission on them as a better meaning not acceptable because the Holy Qur'an is convinced with gender equality through the contract of marriage, its goals are mutual love, harmony, tolerance and peace. It should be noted here that in the contemporary interpretations of "*Dharb*", an attempt has been made to use the Arabic dictionary, ignoring the hadith traditions. With reference to the verse (4:34) an important discussion has also taken place that who is the addressee of this verse, the following opinions are found in this regard:

A) The addressees of the verse are the husbands who, in the case of the wife's disobedience, should carry out admonition, "*Hajr fi al-madhaj'* " and "*Dharb*" from the point of view of marital betterment, and the meaning of "*Dharb*" is '*dharb ghair-mubarah*' (i.e. symbolic physical punishment).

B) The addressee of the verse is the husbands who should implement the measures of preaching and "*Hajr fi al- Madhaj'* " for the reformation of marital relationships, while the implementation of "*Dharb*" is related to such a specific environment in which the physical punishment of the wife by the hands of the husband is not considered cruel or harmful or offensive or a cause of shame, i.e. neither in men nor in women.

C) The addressees of the verse are husbands, and for them, in the case of disobedience of wives, the meaning of the action of "*Dharb*" after the wa'z and "*Hajr fi Al-Madhaj'* " will be that they should separate from their wives or go to court or contact the administration to take action against them.

D) The addressees of the verse have the official authority to implement the above-mentioned corrective measures of disobedience and physical discipline can be done when necessary.

E) The addressee of the verse is the guardians of the wife (father etc.) that they should implement all the corrective measures for normalizing marital relationships, mentioned in the verse.

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

قرآنِ کریم نے عائلی معاہدے کی اساس کے طور پر "معاشرۃ بالمعروف" [۱] کا جامع عنوان اختیار کیا ہے کہ عائلی معاہدے کی بقا دراصل اسی اصول پر ہے کہ زوجین میں سے ہر ایک اپنے شریکِ حیات کے ساتھ معروف طریقے سے زندگی بسر کرے۔ حسنِ معاشرت کے لیے ضروری ہے کہ فریقین ایک دوسرے کی ناگوار باتوں پر حساس ہونے اور نامناسب ردِ عمل کے اظہار کے بجائے اپنے اندر وسعتِ نظری اور تحمل اور برداشت کی عادت کو پروان چڑھائیں، اور عائلی زندگی کو بہتر اور خوش گوار بنائیں۔

چناں چہ قرآن حکیم نے طبعی ناگواری کے باوجود معاشرۃ بالمعروف کے ثمر اور نتیجے کے طور پر خیرِ کثیر (بہت بڑی بھلائی) کا ذکر کیا ہے [۲] اور معاشرے کے لیے ایک مستحکم، پائے دار اور متوازن عائلی نظام سے بڑھ کر

---

۱۔ القرآن، ۴ : ۱۹۔

۲۔ نفس مصدر۔

اور نعمت کیا ہو سکتی ہے۔

معاشرۃ بالمعروف سے مراد احترام انسانیت کو ملحوظ رکھنا ، بیوی کے لباس، کھانے پینے اور علاج و معالجے کا خیال رکھنا، جائز و معقول ضروریات پوری کرنا، ایک دوسرے کے ساتھ اچھے طریقے سے نباہ کرنا، ایک دوسرے کی ناگوار باتوں کو نظر انداز کرنا، نامناسب ردِ عمل کے بجائے حسن سلوک کرنا اور ایک دوسرے کی خامیوں کو خوبیوں سے بدلنے کی کوشش کرنا، ترش روئی، تلخ کلامی اور ناروا سلوک سے اجتناب کرنا، زوجین کا ایک دوسرے کے والدین کا احترام کرنا، ان کے حقوق ادا کرنا اور اگر والدین ضرورت مند ہیں تو ان کی مالی امداد کرنا؛ کیوں کہ والدین اولاد کی ہم دردی کے زیادہ حق دار ہیں۔ اسی طرح مرد پر یہ حق بھی عائد ہوتا ہے کہ وہ بیوی کے مصالح دنیوی کا خیال رکھنے کے ساتھ ساتھ مصالح اخروی کا بھی لحاظ رکھے اور بیوی کی دینی اصلاح و تربیت کا اہتمام رکھے۔

حقیقت یہ ہے کہ زن و شوہر کی ناموافقت تمام برائیوں کی جڑ ہے۔ انتظام عالم میں اس سے زیادہ فتور اور کسی چیز سے نہیں آتا۔ ازدواجی رشتہ جوڑنا نہایت اہم کام ہے مگر اس میں جو بے احتیاطیاں اب روا رکھی جاتی ہیں وہ شمار سے باہر ہیں، انتخاب زوجین میں انتہائی لاپروائی برتی جاتی ہے۔ کس قدر قابل افسوس ہے کہ تمام عمر دو انسانوں کا نباہ ہونا ہو اور رشتہ جوڑنے والے انجام پر مطلق نگاہ نہ کریں۔ لہٰذا اگر زوجین میں اخلاص نہ ہو تو ان کی زندگی دو بھر ہو جاتی ہے۔ والدین کا خیال ہوتا ہے کہ بیاہ کے بعد خود ہی انس پیدا ہو جائے گا۔ یہ خیال عاقبت نااندیشی پر مبنی ہے؛ کیوں کہ مردوں پر جو دنیاوی تردداتـ کے بار پڑتے ہیں، ان کو ہٹانے اور دل جوئی کرنے والی صرف تابع فرمان بیوی ہو سکتی ہے جو دل کے قریب ہو، اس لیے فطرت بھی اس اَمر کو چاہتی ہے کہ مرد کو سب سے پیاری اس کی بیوی ہو، کیوں کہ بیوی سے عشق فطری تقاضا ہے اور عشق ہی حسن معاشرت کا سبب ہے اور مرد و عورت کی یک جائی، انتظام عالم کی ضرورت سے ہے۔ [۳]

اسلامی شریعت کی نظر میں عقد نکاح کے نتیجے میں حاصل ہونے والے عائلی اختیارات کا استعمال مطلق العنانیت پر مبنی نہیں ہے کہ ایک فریق اپنے اختیار کے استعمال سے دوسرے فریق کی مصلحت و مفاد کو زک پہنچائے، لہٰذا زوجین کے لیے ضروری قرار پاتا ہے کہ وہ معاہدۂ نکاح کے دائرے میں رہ کر اختیارات کا جائز اور صحیح استعمال کریں۔ اختیارات میں حدود سے تجاوز عدم تعاون اور سرکشی پر مبنی رویہ، کسی بھی معاہدے کی طرح معاہدۂ نکاح کو سبوتاژ کرنے کا باعث بنتا ہے اور اس کو قرآن کی اصطلاح میں "نشوز" سے تعبیر کیا گیا ہے۔

---

۳۔ مولانا عبید اللہ سندھی، **تفسیر المقام المحمود**، تحقیق، مفتی عبد القدیر (لاہور: مکی دار الکتب، غزنی سٹریٹ مارکیٹ اردو بازار، س ن)، ۱: ۵۶۷۔

نشوز لغوی طور پر استعلا اور ارتفاع (بلندی اور برتری) کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے "نشز الشيء" کا معنی ہے چیز بلند ہو گئی، ابن فارس (م ۱۰۰۴ء) کا کہنا ہے کہ یہ لفظ بعد ازیں بہ طور استعارہ بھی استعمال ہونے لگا، چناں چہ "نشزت المرأة" کا مفہوم ہے عورت کا اپنے شوہر کی نافرمانی کرنا اور "نشز بعلها" کا مفہوم ہے شوہر کا اپنی بیوی پر ظلم کرنا اور مار پیٹ کرنا۔[۴]

اسی لیے فقہاے کرام کے ہاں نشوز کی تعریف یوں کی گئی ہے:

هو عصيان أحد الزوجين والترفع عن مطاوعة الزوج الآخر و متابعته، وعدم القيام بواجباته، و أداء حقوقه التي وجبت على كل منهما للآخر.[۵]

(زوجین میں سے کسی کا نافرمانی کرنا، شریک حیات کی بات ماننے سے اکڑنا اور ایک دوسرے کے ذمے واجب ہونے والی ذمے داریاں اور حقوق ادانہ کرنا، نشوز ہے۔)

## ا- سابقہ کام کا جائزہ

اس موضوع پر ہونے والا سر دست درج ذیل کام علم میں آیا ہے۔

ا. قاسم سالم عبد النبی، "نشوز الزوج و إعراضه في كتب التفسير" مقالہ نگار نے محض نشوز زوج کا معنی و مفہوم لغت اور مفسرین کے نقطۂ نظر سے بیان کیا ہے اور متقدمین اور متاخرین کے دلائل پیش کیے ہیں، نیز مقالہ نگار نے صرف کتبِ تفسیر کو ہی پیشِ نظر رکھا ہے، فقہا کی آرا، اور معاصر آرا کو شامل نہیں کیا۔

---

۴- ابو الحسن احمد بن فارس، **معجم مقاييس اللغة**، تحقیق، عبد السلام ہارون (قم: إيران، دار الكتب العلمية)، ۵: ۴۳۰- ۴۳۱۔

۵- ابو بکر احمد بن علی الرازی الجصاص الحنفی، **أحكام القران** (بیروت: دار الفكر)، ۲: ۲۶۹؛ محمد بن احمد بن عرفہ الدسوقی المالکی، **حاشية الدسوقي على الشرح الكبير** (مصر: دار إحياء الكتب العربية، ۱۲۳۰ھ)، ۲: ۳۴۴؛ محمد الخطیب الشربینی، **مغني المحتاج إلى معرفة معاني ألفاظ المنهاج** (قاہرہ: شركة مكتبة ومطبعة مصطفى البابي الحلبي وأولاده، ۱۹۵۸ء)؛ موفق الدین ابی محمد عبد اللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ، **المغني على مختصر الإمام أبي القاسم عمر بن الحسين بن عبد الله الخرقي** (بیروت: طبعة بالأوفسيت، دار الكتاب العربي، ۱۹۸۳ء)، ۱: ۱۲۸۔

۲. عابد بن عبد اللہ الحربی، **نشوز بین الزوجین**، اس کتاب میں نشوز معانی و مفہوم اور احکام بیان کیے گئے ہیں، اس کے علاوہ نشوز زوجہ سے متعلق روایتی آرا کو زیر بحث لایا گیا ہے؛ جب کہ نشوزِ زوج کو بحث کا موضوع نہیں بنایا گیا۔

۳. وہبہ زحیلی، **الفقه الإسلامي و أدلته**، یہ کتاب کئی جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کی ساتویں جلد میں خطبہ سے لے کر حقوق الزواج و واجباتہ تک نکاح کے موضوعات پر فقہاے اربعہ کے نقطہ نظر کو مدلل طریقے سے بیان کیا گیا ہے جب کہ نشوزِ زوجہ پر اجمالی گفت گو کی گئی ہے، لیکن نشوزِ زوج سمیت دیگر متعلقات پر تفصیلی بات نہیں کی گئی۔

۴. سید ابو الاعلی مودودی، **حقوق زوجین** اس کتاب میں مرد کے فرائض واختیارات بیان کیے ہیں، نیز ظلم سے اجتناب کے تحت ضرر اور تعدی پر انتہائی مختصر گفت گو کی گئی ہے تاہم نشوز کا با قاعدہ ذکر نہیں کیا گیا۔

۵. تنزیل الرحمن، **مجموعہ قوانینِ اسلام**، اس کتاب کی جلد اول میں نکاح سے متعلق تمام جزئیات کو تفصیلاً بیان کیا گیا ہے، لیکن اس میں نشوز کو زیرِ بحث نہیں لایا گیا۔

٦. محمد تقی عثمانی، **ہمارے عائلی مسائل** اس میں مختلف عائلی مسائل اور ان کا حل پیش کیا گیا ہے نشوزِ زوجین کو بالکل زیرِ بحث نہیں لایا گیا۔

۷. نور محمد علی ابراہیم **نشوز المرأة والرجل وعلاجه في ضوء القرآن الكريم** اس میں مختلف تفاسیر کی روشنی میں نشوز کی کی آیات کو زیر بحث لایا گیا ہے، لیکن فقہااور عصری ابحاث کو زیر بحث نہیں لایا گیا۔

۸. عماد اموری جلیل الزاہدی، "الوسائل القرآنية في علاج نشوز الزوجين وأقوال الفقهاء فيها" اس آرٹیکل میں نشوز زوجین کے حوالے سے قرآنی آیات کی تشریح کرتے ہوئے فقہاکے متعلقہ اقوال سے بحث کی گئی ہے، مگر اس میں عصری ابحاث کو پیشِ نظر نہیں رکھا گیا۔

زیرِ نظر مضمون میں نشوزِ زوجہ کے حوالے سے قرآنی آیت میں مذکور اصلاح کے طریقوں کو روایتی اور معاصر نقطۂ نظر کے حوالے سے زیرِ بحث لایا جائے گا۔

## ۲- اصلاحِ نشوز اور طریقۂ وعظ

قرآن حکیم میں نشوز زوجہ کی اصلاح کے حوالے سے ارشادِ ربانی ہے :﴿ وَالّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴾[٦] (اور جن عورتوں کی نافرمانی کا تمھیں اندیشہ ہو تو انھیں سمجھاؤ اور انھیں خواب گاہوں میں الگ کر دو اور اُنھیں ضرب کرو پھر اگر وہ تمھاری بات مان لیں تو اُن پر زیادتی کی کوئی راہ نہ چاہو۔ بے شک اللہ بلند بڑا ہے۔)

اصلاح نشوز کی ان تدابیر میں سب سے پہلے "وعظ" ہے۔ قرآن حکیم نے ایک اور مقام پر "موعظہ" کے ساتھ "حسنہ"[٧] کی تعبیر اختیار کی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ جس کو نصیحت کی جارہی ہے اس پر واضح ہو جائے کہ نصیحت کرنے والا اس کا خیر خواہ ہے اور وہ اس کے فائدے کا ارادہ رکھتا ہے۔ماہر لغت خلیل (م ۷۹۰ء) کی رائے میں بھلائی سے ایسی یاد دہانی کہ دل نرم ہو جائیں "وعظ" کہلاتی ہے۔[٨] گویا نرم روی، لطف و مہربانی، معاملے کی تشہیر سے اجتناب، سخت انداز اور ظالمانہ دباؤ سے احتراز، عورت کی نفسیات کو ملحوظ رکھنا وغیرہ امور وعظ کا لازمی تقاضا ہیں۔

محمد بن ابی بکر رازی (م ٦٦٦ھ) نے کہا ہے کہ "وعظ" کا مفہوم نصیحت کرنا اور اس کو قبول نہ کرنے کی صورت میں متعلقہ نتائج کی یاد دہانی کرانا ہے۔[٩] لہٰذا حسن معاشرت کی اہمیت اور شوہر کے حقوق اور اس کے مرتبے و منزلت سے آگاہی دینا اور اس کا اہتمام کرنے کی صورت میں دنیا و آخرت میں عمدہ نتائج اور اجر کی بشارت سے آگہی دینا نیز اس سے احتراز کی صورت میں اس کے تباہ کن نتائج سے خبر دار کرنا "وعظ" کے دائرے میں آتا ہے۔ "وعظ" کی نوعیت، حالات و اشخاص کے حوالے سے متعین ہو گی، کچھ خواتین کے لیے نشوز پر اللہ کی طرف سے سزا کا خوف دلانا مؤثر ہوتا ہے اور کچھ خواتین کے لیے دنیا میں ناپسندیدہ نتائج جیسے دشمنوں کا خوش ہونا اور عمدہ کپڑوں اور زیورات جیسی اپنی پسندیدہ اشیا کے حصول میں رکاوٹ جیسے امور سے خبر دار کرنا مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ بہر حال ایک عقل مند شخص کے لیے موقع و محل کے مطابق دل کو متاثر کرنے والی گفت گو کا طریقہ مخفی نہیں

---

٦- القرآن،۴: ۳۴۔

٧- القرآن،١٦: ١٢٥۔

٨- ابو القاسم الحسن بن محمد المعروف الراغب الاصفہانی،**مفردات ألفاظ القرآن** (بیروت: دار الکتب العلمیة)، ٦٠٠۔

٩- محمد بن ابی بکر بن عبد القادر الرازی،**مختار الصحاح**( بیروت: المكتبة العصرية، ۱۹۹۹ء)، ۳۴۲ ۔

ہوتا۔[۱۰] گویا نشوز کی صورت حال میں جن فیصلہ کن اقدامات کی ضرورت ہوتی ہے۔ان میں سب سے پہلا اقدام یہ ہو گا کہ اس نافرمانی کی وجوہات معلوم کی جائیں اور خیر خواہی سے سمجھایا جائے جس کو(Counseling) کہا جاتا ہے۔

اصلاح نشوز کے پہلے قدم کے طور پر جس زبانی حل کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اس میں یہ بات چیت براہِ راست شوہر اور بیوی کے درمیان ہو گی اور یہ باہمی مصالحت کا طریقہ کار بھی ہو سکتا ہے جیسا کہ سورۃ النساء کی آیت نمبر ۱۲۸ میں ذکر کیا گیا ہے: ﴿وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَاۤ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ﴾ گویا سورۂ نساء کی آیت نمبر ۳۴ میں مرد کو یہ ذمے داری سونپی گئی ہے کہ وہ نصیحت کرے۔

## ۳۔ طریقۂ ہجر فی المضاجع

دوسرا طریقہ هجر في المضاجع ہے، جس کا لفظی مفہوم خواب گاہوں میں الگ کرنا ہے اس کی وضاحت میں ابن العربی نے چار اقوال ذکر کیے ہیں:[۱۱]

۱. شوہر، بیوی کے بستر سے اور اس کے ساتھ شب باشی سے احتراز کرے۔
۲. شوہر، بیوی سے صرف ترک کلام کرے، امام محمد بن ادریس شافعی (م ۲۰۴ھ) کی رائے میں تین دن سے زیادہ بات چیت منقطع نہ کی جائے۔[۱۲]
۳. شوہر صرف جنسی تعلق ترک کر دے۔
۴. گفت گو اور ازدواجی تعلق سے احتراز کیے بغیر گفت گو میں درشتی اور سختی لے آئے۔یہ رائے سفیان ثوری نے اپنے اصحاب کی نقل کی ہے۔[۱۳]

---

۱۰۔ محمد رشید بن علی رضا، **تفسير المنار** (الهية المصرية العامة للكتاب، ۱۹۹۰ء)، ۵: ۵۹ ؛ احمد بن مصطفی المراغی، **تفسير المراغي** (مطبعة مصطفى البابي، ۱۳۶۵ھ)، ۵: ۲۸۔

۱۱۔ محمد بن عبد اللہ ابن العربی، **أحكام القران** (بيروت: دار الكتب العلمية، ۱۴۲۴ھ)، ۱: ۴۱۸۔

۱۲۔ فخر الدین محمد بن عمر الرازی التیمی، **مفاتيح الغيب** (بيروت: دار الكتب العلمية، ۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۰ء)، ۱۰: ۷۲؛ ابو زکریا محی الدین یحیٰ بن شرف النووی، **المجموع شرح المهذب** (بيروت: دار الفكر)، ۱۶: ۴۴۹۔

۱۳۔ ابو بکر عبد الرزاق بن ہمام بن نافع الصنعانی، **المصنف** (بيروت: المكتب الإسلامي، ۱۴۰۳ھ)، ۶: ۵۱۰، رقم: ۱۱۸۷۸۔

هجر في المضاجع، اس لحاظ سے نشوز کا نفسیاتی علاج ہے کہ شوہر بے رغبتی کا اظہار کر کے بیوی کو اپنے عدم تعاون کے رویے بدلنے کی دعوت دے رہا ہے۔ اس کو اصلاح نشوز میں اسی وقت مؤثر سمجھا جائے گا جب یہ هجر، مضاجع (خواب گاہوں) کے علاوہ کہیں اور ظاہر نہ ہو یعنی اس کا اظہار صرف خواب گاہ میں ہو؛ لہٰذا اس کا لازمی تقاضا ہے کہ اس هجر کا اظہار اپنے بچوں کے سامنے نہ ہو کہ اس سے ان پر منفی اثرات مرتب ہوں گے اور ان کی تربیت متاثر ہوگی نیز عورت کی سُبکی کا باعث ہو سکتا ہے، جس کے نتائج نقصان دہ ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح اس هجر کا اظہار نہ تو اعزہ واقارب کے سامنے ہو اور نہ ہی اجنبی افراد کے سامنے کہ یہ بھی عورت کے لیے باعث اہانت ہے، نتیجتاً اس سے نشوز میں اضافے کا اندیشہ ہے۔(۱۴)

هجر کا مقصد چوں کہ نشوز کی اصلاح ہے، یہ کسی صورت عورت کی تذلیل نہیں اور نہ بچوں ہی کی تربیت کو ضائع کرنا ہے۔ اس لیے ایک ماہ سے زیادہ هجر کو مناسب تصور نہیں کیا گیا ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں بھی اس طرح کا معاملہ پیش آیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک موقع پر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، رسول اللہ ﷺ سے ملنے کی اجازت لینے اندر آئے تو لوگوں کو آپ کے دروازے پر بیٹھا دیکھا کہ ان میں سے کسی کو اندر جانے کی اجازت نہیں ملی تھی۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو اجازت ملی تو اندر چلے گئے پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آئے اور اجازت طلب کی تو انھیں بھی اجازت مل گئی تو انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو غم وغصہ کی حالت میں خاموش بیٹھے دیکھا، اور آپ کے ارد گرد آپ کی ازواج تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے دل میں کہا کہ میں کوئی ایسی بات کہوں گا جس سے رسول اللہ ﷺ ہنس پڑیں، چناں چہ انھوں نے کہا یا رسول اللہ اگر آپ بنت خارجہ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زوجہ) کو مجھ سے (زائد) خرچہ طلب کرتے دیکھتے تو میں اس کی طرف اٹھ کھڑا ہوتا اور اس کی گردن دبوچ لیتا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ ہنس پڑے اور فرمایا: یہ خواتین جیسے تم میرے گرد دیکھ رہے ہو، مجھ سے زائد خرچہ مانگ رہی ہیں۔ اس پر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو گرفت میں لینے کے لیے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو پکڑنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے اور دونوں اپنی بیٹیوں سے کہہ رہے تھے کہ کیا تم رسول اللہ ﷺ سے اس چیز کا سوال کر رہی ہو جو ان کے پاس نہیں؟ تو انہوں

---

۱۴- عماد اموری جلیل الزاہدی، "الوسائل القرآنية في علاج نشوز الزوجين و أقوال الفقهاء فيها" **(مجلة كلية العلوم الإسلامية**، ۲۰۱۴ء)، ۸: ۱۵/ ۲۔

نے کہا بخدا ہم رسول اللہ سے کبھی ایسی چیز کا تقاضا نہیں کریں گی جو آپ ﷺ کے پاس نہیں۔ بعد ازیں ایک ماہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج سے علاحدگی اختیار کیے رکھی جس کے بعد درج ذیل آیات نازل ہوئیں: ﴿قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۝ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا﴾ [۱۵]

جس میں رسول اللہ ﷺ کو کہا گیا کہ وہ اپنی ازواج کو اختیار دے دیں کہ وہ دنیاوی فائدے کو ترجیح دینا چاہتی ہیں تو آپ ان کو خوب صورت طریقے سے رخصت کر دیں اور اگر وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہنے کو ترجیح دیں تو ان کے لیے اجر عظیم اللہ کے ہاں تیار شدہ ہے۔ جب رسول اللہ ﷺ نے یہ آیات اپنی ازواج مطہرات کے سامنے تلاوت کر کے دونوں راستوں میں انتخاب کرنے کی اجازت دی تو تمام ازواج مطہرات نے آپ ﷺ کی رفاقت کو دنیوی فائدوں پر ترجیح دے کر اپنی ازدواجی زندگی قائم رکھی۔[۱۶] حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بعض ازواج کے حوالے سے ایک ماہ گھر میں نہ جانے کی قسم کھائی۔ جب انیتس دن گزر گئے تو آپ گھر تشریف لے گئے تو آپ سے عرض کیا گیا کہ اے نبی خدا! آپ نے تو ایک ماہ کی گھر داخل نہ ہونے کی قسم اٹھائی تھی، تو آپ نے فرمایا (قمری) مہینہ انیتس دنوں کا بھی ہوتا ہے۔[۱۷] اور یہ ترک و ہجر کا معاملہ چار ماہ تک دراز نہیں ہونا چاہیے کہ یہ مدت اللہ تعالیٰ نے ایلاء[۱۸] کرنے والے کے لیے ایک حد کے طور پر ذکر کی ہے۔

محمد رشید رضا[۱۹] کی رائے میں آیت میں ازدواجی تعلق سے پرہیز کی بات کی گئی ہے نہ یہ کہ بستر سے چلے

---

۱۵- القرآن، ۳۳: ۲۸- ۲۹۔

۱۶- مسلم بن الحجاج النیسابوری، **صحیح مسلم**، كتاب الطلاق، باب بيان أن تخيير امرأته لا يكون طلاقاً إلابالنية (بیروت: داراحياء التراث العربي، س ن) ۲: ۱۱۰۴، رقم: ۱۴۷۸۔

۱۷- ایضاً، كتاب الطلاق، باب في الإيلاء واعتزال النساء، و تخييرهن الخ، ۲: ۱۱۱۳، رقم: ۱۴۷۵۔

۱۸- ایلاء کا مفہوم یہ ہے کہ شوہر اپنی بیوی سے ترک تعلق کا حلف اٹھالے تو ایسی صورت میں اگر شوہر چار ماہ کے اندر تعلقات بحال کر لیتا ہے تو ازدواجی رشتہ قائم رہے گا، بہ صورت دیگر مدت گزرنے کے بعد حنفی فقہ کی رائے میں طلاق واقع ہو جائے گی۔

۱۹- محمد رشید رضا (۱۸۶۵ء۔ ۱۹۳۵ء) تفسیر، حدیث، فقہ اور عربی ادب کے انیسویں صدی عیسوی اور بیسویں صدی عیسوی کے اکابرین میں سے تھے۔ ان کی وجہ شہرت **تفسیر المنار** ہے۔ شیخ محمد عبدہ کے شاگرد ہیں۔

جانے کا لغوی معنی پیشِ نظر ہے؛ کیوں کہ اس طرح کا عمل تو صلح یا معاملات کو حل کرنے کی طرف جانے کے بجائے مزید بگاڑ کا باعث بن سکتا ہے۔ ان کے نزدیک جسمانی طور پر ایک ہی بستر پر شب بسر کرنا تو زوجین کے تعلقات بحال کرنے کی بنیادی ضرورت ہے۔ یہ طریقہ ایک پر امن حل کی طرف لے جاتا ہے تا کہ دونوں اس دوران میں ٹھنڈے دماغ سے سوچیں اور اپنے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں۔[۲۰]

الغرض جمہور اہل علم کا موقف یہی ہے کہ قرآن مجید کا منشا یہ ہے کہ بیوی سے ازدواجی تعلقات قائم کرنے سے قصداًاحتراز کیا جائے تا کہ وہ نشوز سے رجوع کرے۔

## ۱.۳- ابن جریر طبری کی رائے

ابن جریر طبری (۹۲۳ء) نے قدرے عقلی استدلال سے معاملے کو "ھجر البعیر" کی اصطلاح استعمال کر کے حل کرنے کی کوشش کی ہے کہ ھجر کا مطلب ہے اونٹ کو ایک طرف سے اس کے ہاتھ اور پاؤں کو رسی (ہجار) سے باندھنا، لہٰذا یہاں پر آیت میں "واھجروھن" کا جو لفظ استعمال کیا گیا ہے تو اس مراد یہ ہے کہ خواتین اگر سمجھانے بجھانے سے باز نہ آئیں تو ان کو ان کے گھروں میں جہاں وہ شوہروں کے ساتھ رہتی ہیں، باندھ کر رکھو۔[۲۱] ابن العربی (۵۴۳ھ) نے اس پر تعجب کا اظہار کیا کہ طبری علوم اور عربی لغت میں تبحر علمی کے باوجود کس طرح درست رائے تک نہیں پہنچ سکے، اس کے بعد ابن العربی نے بتایا کہ عربوں کی زبان میں "ھجر" کے معنی کا جائزہ لیں تو وہ سات معانی میں استعمال ہوا ہے:

۱. ضد الوصل (ملانے کا عکس)
۲. نامناسب بات
۳. چیز سے پرہیز کرنا، اسی معنی میں ہجرت کا لفظ ہے
۴. مریض کی ہذیان گوئی
۵. نصف النہار

---

۲۰- محمد رشید علی رضا، المنار، ۵: ۲۰۔

۲۱- محمد بن جریر ابو جعفر الطبری، **جامع البیان عن تاویل آي القرآن**، تحقیق، احمد شاکر (بیروت: مؤسسۃ الرسالۃ، ۱۴۲۰ھ / ۲۰۰۰ء)، ۸: ۳۰۹۔

۶. خوب صورت جوان

۷. وہ رسی جس کو اونٹ کے پچھلے حصے سے باندھ کر پھر اس کے اگلے پاؤں کے جوڑ کو باندھ دیا جائے۔

ان تمام مفاہیم میں ایک معنی مشترک ہے اور وہ ہے کسی چیز سے بُعد اور دوری اختیار کرنا؛ اس لیے ابن العربی کہتے ہیں کہ طبری جیسی شخصیت کے بتائے ہوئے بتکلف معنی اپنانے کے بجائے اس کا سلیس معنی یہ قرار پاتا ہے کہ ان کو خواب گاہوں میں دور رکھو۔(أبعدوهن في المضاجع)[۲۲]

## ۲.۳– پرویز اور رفعت حسن کی رائے

غلام احمد پرویز[۲۳] اور رفعت حسن[۲۴] چوں کہ آیت نشوز کو دونوں اصناف یعنی مرد اور عورت کے حوالے سے پیش کرتے ہیں اور ان کی رائے میں نشوز کا مفہوم ،خواتین کا عمومی طور پر تولیدی عمل سے انکار ہے ،اس لیے وہ "هجر في المضاجع" کا مفہوم یہ ذکر کرتے ہیں کہ نشوز کی مرتکب باغی خواتین کو دوسری خواتین سے الگ کر دیا جائے یعنی علاج کے طور پر خواتین کو قید تنہائی میں رکھا جائے۔[۲۵] مگر یہ مفہوم "هجر في المضاجع" کی ترکیب سے قریبی مناسبت کا حامل نظر نہیں آتا۔[۲۶]

---

۲۲– ابن العربی، **أحكام القرآن**، ۱: ۵۳۳– ۵۳۴۔

۲۳– غلام احمد پرویز( ۱۹۰۳– ۱۹۸۵)، برصغیر کے صاحب علم تھے، تاہم جمہور اہل سنت کے ہاں انکار حدیث کی روش اپنانے کی وجہ سے متنازع شخصیت بن گئے۔ آپ نے کئی موضوعات پر کتابیں لکھی ہیں۔ قرآن سے دل چسپی آپ کا امتیاز تھا، تاہم تفسیر قرآن کے منہج میں ان سے کافی غلطیاں ہوئی ہیں۔

۲۴– رفعت حسن ۱۹۴۳ء میں لاہور میں پیدا ہوئی ہیں۔ پاکستانی نژاد امریکی ہیں اور قرآن کی فیمینسٹ سکالر ہیں۔ پنجاب یونی ورسٹی میں ۱۹۶۶–۱۹۶۷ تک پڑھاتی رہیں۔ پاکستان کی منسٹری آف انفارمیشن اینڈ براڈکاسٹنگ میں ۱۹۶۹–۱۹۷۲ تک کام کیا۔ بعد ازاں امریکہ چلی گئیں اور وہاں Oklahoma State University and Harvard University، میں پڑھایا اور آج کل University of Louisville Kentucky میں پروفیسر ہیں۔

۲۵– غلام احمد پرویز، **مطالب الفرقان** (لاہور: طلوع اسلام ٹرسٹ، ۱۹۹۳ء)، ۳: ۳۶۶۔

26– Riffat Hassan, "Feminisim in Islam", in edt. Arvind Sharma & Katherine K. Young *Feminism and World Religions* (New York: State University of New York Press, 1999), 275.

## ۴- طریقۂ ضرب

اس طریقے کی وضاحت سے پہلے مختلف اہل علم کی آرا کو زیرِ بحث لایا جائے گا۔

### ۴.۱- علمی آرا کی روشنی میں

اصلاح نشوز کا تیسرا طریقہ "ضرب" کا ہے۔ مفسرین کے ہاں اس کا معنی مارنا ہے کہ قرآن حکیم نے مرد کو نافرمان اور سرکش بیوی کو مارنے کی اجازت "اضربوھن" استعمال کر کے دی ہے، تاہم اس فعل کی کوئی تفصیل بیان نہیں کی۔ قرآن مجید میں ایسی بہت سی مثالیں ہیں جہاں مطلق حکم کو دوسری آیات یا اخبار و آثار کو مد نظر رکھتے ہوئے مقید کر لیا جاتا ہے؛ چناں چہ امام طبری نے اہل تاویل کا قول نقل کیا ہے کہ جس ضرب کی اللہ نے ناشزہ کے زوج کو اجازت دی ہے وہ "ضرب غیر مبرِّح" یعنی تشدد کے بغیر مارنا ہے،[۲۷] کیوں کہ احادیث میں اس حکم کو مقید بیان کیا گیا ہے، مثلاً عبد اللہ بن زمعہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "لا يضرب أحدكم امرأته ضرب العبد ثم يعانقها من آخر النهار."[۲۸] (تم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کو غلام کی طرح نہ مارے پھر دن کے آخری حصہ میں بغل گیر ہو جائے یعنی ازدواجی تعلق قائم کرے۔)

اسی طرح حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

فاتقوا الله في النساء، فإنكم أخذتموهن بأمان الله، واستحللتم فروجهن بكلمة الله، ولكم عليهن أن لا يوطئن فرشكم أحدا تكرهونه، فإن فعلن ذلك، فاضربوهن ضربا غيرمبرح ، ولهن عليكم رزقهن وكسوتهن بالمعروف.[۲۹]

---

۲۷- الطبری، **جامع البیان** ،۸: ۳۱۳۔

۲۸ احمد الحسین بن علی، ابو بکر البیہقی، **السنن الكبرى**، كتاب القسم و النشوز، باب الاختيار في ترك الضرب (بیروت: دار الكتب العلمية، ۲۰۰۳ء) ، ۷: ۴۹۷ ، رقم: ۱۴۷۸۰؛ محمد بن اسماعیل البخاری ، **الجامع المسند الصحيح المختصر من أمور رسول الله ﷺ و سننه و أيامه**، كتاب النكاح ، باب ما يكره من ضرب النساء (دار طوق النجاة، ۱۴۲۲ھ)، رقم: ۵۲۰۴۔

۲۹- مسلم بن حجاج القشیری، **المسند الصحيح المختصر بنقل العدل عن العدل إلى رسول الله ﷺ**، كتاب الحج، باب حجة النبي ﷺ (بیروت: دار إحياء التراث العربي)، ۲: ۸۹۲، رقم: ۱۲۸۱۔

(عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو، یقیناً تم نے ان کو اللہ کی امانت کے ساتھ اپنے پاس رکھا ہے اور اللہ کے حکم کے مطابق ان سے ازدواجی تعلق کو حلال تصور کیا ہے اور تمھارا ان پر یہ حق ہے کہ وہ تمھارے بستر کو کسی ایسے شخص سے پامال نہ ہونے دیں جس کو تم ناپسند کرتے ہو اور اگر وہ ایسا کریں تو ان کو ہلکی مار، مار سکتے ہو اور تم پر دستور کے مطابق ان کا رزق اور ان کا لباس لازم ہے۔)

**دوسری روایت کے الفاظ بھی مذکورہ بالا روایت کی تائید کرتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا:**

ألا فاستوصوابالنساء خيرا فإنما هن عوان عندكم ليس تملكون منهن شيئا غير ذالک إلا أن يأتين بفاحشة مبينة فإن فعلن فاهجروهن في المضاجع واضربوهن ضربا غير مبرح فإن أطعنكم فلا تبغوا عليهن سبيلا؛ اَلا إن لكم على نسائكم حقًا و لنسائكم عليكم حقا، فأما حقكم على نسائكم فلا يوطئنّ فرشكم من تكرهون، ألا وحقهن عليكم أن تحسنوا إليهن في كسوتهن و طعامهن. [۳۰]

(آگاہ رہو عورتوں سے بھلائی کرنے کی وصیت حاصل کرو کہ وہ تمھارے پاس پابند ہیں۔ تم ان سے اس کے علاوہ کسی اور چیز کے مالک نہیں ہو؛ سوائے اس کے کہ وہ کوئی واضح بے حیائی کا ارتکاب کریں تو اگر وہ ایسا کریں تو ان کو خواب گاہوں میں چھوڑ دو اور ہلکی پھلکی مار سکتے ہو لیکن اگر وہ تمھاری بات ماننے پر آمادہ ہوں تو ان پر کوئی الزام مت تلاش کرو۔ آگاہ رہو یقیناً تمھارا اپنی بیویوں پر حق ہے اور تمھاری بیویوں کا تم پر حق ہے، جہاں تک تمھارا، اپنی بیویوں کے حق کا معاملہ ہے تو وہ تمھاری خواب گاہوں میں تمھارے ناپسندیدہ افراد کو نہ آنے دیں اور نہ ہی تمھارے گھروں میں تمھارے ناپسندیدہ لوگوں کو آنے کی اجازت دیں اور آگاہ رہو اور ان کا تم پر حق ہے کہ تم ان کے ساتھ لباس و خوراک میں حسنِ سلوک کا معاملہ کرو۔)

**مزید برآں سعید بن ہلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:** "إن من حق المرأة على زوجها أن يطعمها و يكسوها، فإن أتت بفاحشة فيضربها ضربا غير مبرح."[۳۱] **(عورت کا اپنے شوہر پر حق ہے کہ وہ اس کو خوراک اور لباس مہیا کرے پھر اگر وہ بدزبانی کا ارتکاب کرے تو پھر اس کو ہلکا پھلکا**

---

۳۰- محمد بن عیسی بن سورۃ بن موسی الترمذی، **سنن الترمذي**، باب ما جاء في حقِّ المرأة علىٰ زوجها (مصر: شركة مكتبة و مطبعة مصطفى البابى الحلبي، ۱۹۷۵ء)، ۳: ۴۵۹، رقم: ۱۱۶۳۔

۳۱- ابو بکر عبد الرزاق بن ہمام الصنعانی، **المصنف**، كتاب النكاح، باب وجوب النكاح وفضله، تحقیق، حبیب الرحمن الاعظمی (بیروت: المكتب الإسلامي، ۱۴۰۳ھ)، ۶: ۱۷۳، رقم: ۱۰۳۹۱۔

مار سکتے ہو۔)

عطاء بن ابی رباح نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے "ضرب غیر مبرح" کا مفہوم دریافت کیا تو انھوں نے کہا مسواک اوراس جیسی چیز سے مارنا [۳۲] علامہ زمخشری (م ۵۳۸ھ) نے "ضرب غیر مبرح" کی وضاحت یوں کی ہے کہ شوہر بیوی کو نہ زخمی کرے ، نہ اس کی ہڈی توڑے اور چہرے کومار سے محفوظ رکھے، [۳۳] تقریباً اسی طرح کے الفاظ ابو حیان نے ذکر کیے ہیں۔ [۳۴] امام رازی (۶۰۶ھ) اور ابن حجر ہیتمی (م ۱۵۶۶ء) کا کہنا ہے کہ شوہر لپٹے ہوئے رومال سے یا ہاتھ سے تو مار سکتا ہے مگر کوڑوں سے نہ مارے اور نہ لاٹھی سے۔ [۳۵] "ضرب غیر مبرح" کی ایک صورت حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعہ سے بھی اخذ کی گئی ہے کہ جب وہ شدید بیمار ہوئے تو ان کی زوجہ تیمار داری میں مشغول رہیں۔ ایک مرتبہ انھوں نے کچھ ایسے کلمات کہ دیے جن سے اللہ کی ناشکری کا تاثر ملتا تھا، اس سے حضرت ایوب علیہ السلام کو اذیت پہنچی تو قسم کھالی کہ اس کی پاداش میں سو کوڑے ماروں گا۔ صحت یابی کے بعد قسم پوری کرنے کی پریشانی لاحق ہوئی کہ بیوی نے مشکل وقت میں ساتھ نبھایا تھا تو اللہ تعالی نے قسم سے عہدہ برآ ہونے کی تدبیر بتائی۔ ﴿وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِب بِّهِ وَلَا تَحْنَثْ﴾ [۳۶] (اور اپنے ہاتھ میں ایک مُٹھا تنکوں کا لو اور اس سے مارو اور قسم مت توڑو) اور اس کا حوالہ ہمیں کتاب انجیل میں بھی ملتا ہے جس میں کہتے ہیں کہ عورت کو اگر سزا دیں تو گھاس کے مُٹھے سے ماریں [۳۷] گویا ضَرب کا لفظ بہت محدود

۳۲۔ الطبری، **جامع البیان**، ۸: ۳۱۴؛ ابو عبداللہ محمد بن احمد بن ابو بکر القرطبی، **الجامع لأحكام القرآن والمبين لماتضمنه من السنة وآي الفرقان**، تحقیق، ہشام بخاری (ریاض: دار عالم الکتب، ۱۴۲۳ھ)، ۵: ۱۷۳؛ ابو الفضل محمود الآلوسی، **روح المعاني في تفسيرالقرآن العظيم والسبع المثاني**، تحقیق، عبد الباری عطیہ (بیروت: دار الکتب العلمیة، ۱۴۱۵ھ)، ۴: ۴۴۔

۳۳ محمود بن عمر الزمخشری، **تفسير الكشاف عن حقائق غوامض التنزيل وعيون الأقاويل في وجوه التأويل** (بیروت: دار الکتاب العربي، ۱۴۰۷ھ)، ۱: ۵۰۷۔

۳۴ محمد بن یوسف المعروف ابوحیان الأندلسی الغرناطی، **تفسير البحر المحيط** (بیروت: دار الفکر، ۱۳۹۸ھ)، ۳: ۲۵۲۔

۳۵ ابوعبداللہ محمد بن عمر الرازی، **مفاتيح الغيب** (بیروت: دارإحياء التراث العربي، ۱۴۲۰ھ)، ۱۰ : ۷۲ ؛ احمد بن محمد بن علی بن حجر الہیتمی، **تحفة المحتاج إلى شرح المنهاج** (مصر: المکتبة التجارية الكبرى، ۱۹۸۳ء)، ۷: ۴۵۵۔

۳۶۔ القرآن، ۳۸ : ۴۴۔

ملتا ہے جس میں کہتے ہیں کہ عورت کو اگر سزا دیں تو گھاس کے مُٹھے سے ماریں[۳۷] گویا ضَرَب کا لفظ بہت محدود معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

مفتی محمد عبدہ[۳۸] کا کہنا ہے کہ نشوز کی صورت میں مارنے کا یہ عمل کوئی غیر فطری نہیں ہے اور نہ ہی ایسا عمل ہے جسے عقل تسلیم نہ کرے اور ساتھ ہی وہ یہ بھی واضح کرتے ہیں کہ یہ عمل (مار پیٹ) غیر معمولی صورت حال میں جائز ہے جب عورت سے کوئی ایسا عمل سرزد ہو جس سے واقعی معاشرتی اقدار بری طرح مجروح ہوئی ہوں۔ گو کہ عبدہ کے نزدیک غیر معمولی صورت حال میں مارنا جائز ہے، لیکن وہ اسے تلخ علاج قرار دیتے ہیں جس سے اچھے لوگ مستغنی ہوتے ہیں۔[۳۹] اس ضمن میں رسول اکرم ﷺ کی حدیث بیان کرتے ہیں جس میں آپ ﷺ نے صحابہ کو اپنی بیویوں کو مارنے سے منع کیا تھا۔ عبدہ، مرد اور عورت میں نکاح کے بعد مودت کے جذبے پر زور دیتے ہوئے یہ قرار دیتے ہیں کہ مرد اور عورت کو احساس کرنا چاہیے کہ یہ ان کے درمیان مکمل وحدت ہے۔ وہ اس بات کی شدید مخالفت کرتے ہیں کہ مرد عورت کی تذلیل کرے چاہے اسے ہاتھ سے مارے یا کوڑے سے مارے؛ کیوں کہ وہ (عورت) مرد کا حصہ ہے۔ ایک نیک فطرت انسان کبھی ایسا عمل نہیں کرتا۔ رشید رضا کے نزدیک "نشوز" سے معاشرے میں چوں کہ انتشار کا خدشہ بڑھ جاتا ہے، اس لیے بعض اوقات چیزوں کو صحیح مقام پر لانے کے لیے اس طرح کا عمل جائز قرار پاتا ہے۔[۴۰]

فقہا نے ضرب غیر مبرح کے لیے جو ضابطہ اخلاق مقرر کیا ہے، اس کے اہم نکات درج ذیل ہیں:[۴۱]

۱. سرکش بیوی کو وعظ و ہجر کے غیر مؤثر ہونے کی صورت میں "ضرب" کی تدبیر صرف اس صورت میں اختیار کی جائے گی جب کہ تعلقات کی بحالی کے حوالے سے اس کی افادیت کا اندازہ ہو، بہ صورت دیگر اس کی اجازت نہیں۔[۴۲]

---

37– The Book of Job, Translated from Hebrew (London: James Nisbet, 1869), II: 9.

۳۸– شیخ محمد عبدہ (۱۸۴۹ء–۱۹۰۵ء) مصری مسلم عالم، محقق، فقیہ، مفتی اعظم اور مصنف و مؤلف تھے۔ شیخ جمال الدین افغانی سے تلمذ حاصل تھا۔ انھیں مصر کا تاریخ ساز اور اصلاح کا داعی اور عظیم شخصیت تصور کیا جاتا ہے۔

۳۹– محمد رشید بن علی رضا، **المنار**، ۵: ۶۲۔

۴۰– نفس مرجع۔

۴۱– محمد جمال الدین بن محمد القاسمی، **محاسن التأويل** (بیروت: دار الكتب العلمية، ۱۴۱۸ھ)، ۳: ۹۹۔

۴۲– احمد الدردیر، **الشرح الكبير مع حاشية الدسوقي** (بیروت: دار الفكر، س ن) ۲: ۳۴۳۲؛ شمس الدین ابو عبد

۲. ضرب شدید نہ ہو۔
۳. چہرے کی عزت کی خاطر اس پر ضرب سے احتراز کیا جائے۔
۴. جسم کے نازک اور حساس اعضا پر ضرب سے اجتناب کیا جائے۔
۵. باعث زینت مقامات ضرب سے عیب دار نہ ہوں۔
۶. سخت قسم کے کوڑے اور لکڑی کا استعمال نہ کیا جائے۔
۷. ایسی ضرب نہ ہو جس سے خون بہ نکلے۔
۸. ایک ہی جگہ پر مسلسل ضرب نہ ہو۔
۹. جسم پر ضرب کوئی اثر نہ چھوڑے۔

اسی بنا پر امام رازی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ "وبالجملة فالتخفيف مراعى في هذا الباب على أبلغ الوجوه."[۴۳] (خلاصہ یہ ہے کہ اس باب میں حد درجہ تخفیف ملحوظ رکھی جائے گی۔)

محمد رشید رضا نے "ضرب" پر اعتراض کرنے والوں کو فرنگی مقلدین قرار دیتے ہوئے تنقید کی ہے کہ وہ ناشزہ عورت کے لیے ضرب کے جواز پر تو نکیر کرتے ہیں، لیکن عورت کے نشوز اور شوہر پر چڑھ دوڑنے کو حتی کہ اس کو گھر کے سربراہ کو ماتحت بلکہ حقیر جاننے کو برا خیال نہیں کرتے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ اگر خواتین عنادی جذبے سے نشوز پر اصرار کرتی ہیں اور مردوں پر ان کی بساط سے بڑھ کر ذمے داری عائد کرتی ہیں تو ایک سمجھ دار اور محتاط شخص ایک مسواک جیسے ذریعے سے اس کے بد معاملگی کے رویے کی اصلاح کرنے کی کوشش کرے تو زمین میں کیا فساد برپا ہو جائے گا؛ جب کہ یہ دین ہر شہری اور ہر دیہاتی سمیت تمام انسانوں کے لیے ہے تو ایسے میں بہ وقت ضرورت ضرب کی اجازت کیسے غیر مناسب ہو سکتی ہے؟ بسا اوقات جب عورت کے نشوز کا اس کے علاوہ کوئی علاج بھی نہ ہو تو اس کا جواز قابل فہم ہے۔[۴۴]

---

اللہ محمد بن محمد الحطاب الاندلسی، **مواهب الجليل فی شرح مختصر خليل** (بیروت: دار الفکر، ۱۹۹۲ء)، ۴: ۱۵؛ احمد بن محمد بن علی بن حجر الہیثمی، **تحفة المحتاج إلى شرح المنهاج**، ۷ : ۴۵۵۔

۴۳۔ الرازی، **مفاتیح الغيب**، ۱۰ : ۷۳۔

۴۴۔ رشید رضا، **المنار**، ۵: ۶۱۔

سید قطب[۴۵] اصلاح نشوز کی تدابیر کو احتیاطی تدابیر سے تعبیر کرتے ہیں جن کا مقصد افراد و حالات کو درست کرنا ہے، دلوں کو گھٹن اور نفرت سے بھرنا یا ذلیل و رسوا کرنا نہیں ہے، ان تدابیر سے مقصد مرد و عورت کے مابین معرکہ آرائی نہیں کہ عورت کا سر کچلا جائے اور اس کو پابند سلاسل کیا جائے۔ وہ کہتے ہیں کہ ضرب سے مقصود تعذیب اور سزا دینا نہیں، بلکہ یہ تادیب کے لیے ہے جس میں مربی کے دل میں شفقت کا جذبہ ہوتا ہے جیسے باپ اپنی اولاد کی غلطیوں پر ان کی پدرانہ شفقت کے جذبے سے تادیب کرتا ہے۔[۴۶]

الغرض "ضرب" کا مفہوم متقدمین اور معاصر مفسرین کی بڑی اکثریت نے مارنا بیان کیا ہے۔ تاہم مفسرین اور فقہاے کرام نے بڑی وضاحت کے ساتھ یہ بیان کیا ہے کہ یہ مارپیٹ بنیادی طور پر کوئی قرار واقعی سزا کے طور پر نہیں دی جائے گی اور نہ یہ مارپیٹ کے مقصد اور ارادے اور انتقام کی غرض سے کی جائے گی، بلکہ وہ اس کو اس طرح دیکھتے ہیں جیسے بچوں کو آداب سکھانے کے لیے تادیبی اقدامات کیے جاتے ہیں، ویسے ہی یہ معاملہ بھی ہے۔ تاہم یہ فرق ضرور ہے کہ شوہر کا اس طرح کا طرز عمل اپنے ذاتی فائدے کے لیے ہوتا ہے جب کہ باپ کا طرزِ عمل اپنی اولاد کے مفاد میں ہوتا ہے۔

خالد ابو الفضل[۴۷] کے نزدیک آیت میں لفظ واضربوھن ان عورتوں کے متعلق ہے جو کہ شادی شدہ ہوں اور زنا کا ارتکاب کریں اور اس صورت میں مارنا ان کو جائز ہے۔[۴۸] گویا اس رائے کے مطابق سنگین صورت میں شوہر کے پاس "ضرب" کا اختیار ہوتا ہے، بہ صورت دیگر نہیں۔ یہ رائے اس حوالے سے محل نظر ہے کہ قرآنِ حکیم نے تو اس طرح کے سنگین جرم کے ارتکاب کی صورت میں "لعان" کا حکم دیا ہے، نیز اس طرح

---

۴۵- سید قطب (۱۹۰۶ء-۱۹۶۶ء) کا اصل نام سید ہے، قطب ان کا خاندانی نام ہے۔ قاہرہ یونی ورسٹی سے تعلیم حاصل کی اور بعد میں وہیں پروفیسر ہو گئے۔ بعد میں وزارت تعلیم کے انسپکٹر آف سکول کے عہدے پر فائز ہوئے اور بعد میں اخوان المسلمین سے وابستہ ہو گئے۔ ان کی وجہ شہرت تفسیر **في ظلال القرآن** ہے۔

۴۶ سید قطب ابراہیم الشاربی، **في ظلال القرآن** (بیروت: دار الشروق،۱۴۱۲ھ)،۲: ۶۵۳- ۶۵۴۔

۴۷- خالد ابو الفضل، ۱۹۶۳ء میں کویت میں پیدا ہوئے۔ یو سی ایل اے سکول آف لا میں قانون کے امتیازی پروفیسر اور یونی ورسٹی آف کیلیفورنیا لاس اینجلس میں اسلامک سٹڈیز پروگرام کے سربراہ ہیں۔ The Great Theft سمیت کئی اہم کتابوں اور مقالات کے مصنف ہیں۔ ان کا تحریری کام کئی زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔

48- Abou El Fadl, K. *The search for beauty in Islam: A conference of the books*. (Lanham, MD: Rowan & Littlefield. 2006), 110.

کی سزاؤں کا اجرا شخصی صواب دید پر نہیں چھوڑا گیا، بلکہ عدالتی صواب دید اس میں فیصلہ کن حیثیت رکھتی ہے۔ آیت ۴:۳۴ کے فہم کے لیے یہ بھی پیش نظر رہے کہ احادیث میں کسی بھی جگہ یہ مذکور نہیں کہ پیغمبر اپنی بیویوں کو مارا کرتے تھے یا ان کو گالی دیا کرتے تھے۔ ہر جگہ اسی بات کی وضاحت ہے کہ ازواج ان کی تابع فرمان تھیں اور وہ بیویوں کا نان نفقہ فراہم کیا کرتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے کبھی اپنی کسی زوجہ اور خادم کو جسمانی سزا نہیں دی۔(۴۹)

حدیث حجۃ الوداع کی روایات کا جائزہ لینے سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ "ضرب غیر مبرح" کی اجازت ایک مخصوص صورت میں دی گئی ہے کہ جب بیوی شوہر کی خواب گاہ یا گھر میں ایسے شخص کو آنے کی اجازت دینے کی مرتکب ہو جسے شوہر ناپسند کرتا ہو خواہ وہ اس کا قریبی رشتہ دار (مرد و عورت) ہی کیوں نہ ہو کہ اس طرح اس نے شوہر کی نجی زندگی میں اضطراب پیدا کر کے اس کو ذہنی اذیت پہنچائی اور اس کے جذبات مجروح کیے۔

## ۴.۲- ضرب کے بارے میں معاصر اہل علم کی آرا

بہت سے معاصر اہل علم کے نزدیک جسمانی تادیب خواہ علامتی ہی کیوں نہ ہو، اخلاقی طور پر مستحق ملامت (Morally Reprehensible) ہے اور یہ گھریلو تشدد (Domestic Violence) ہے۔ ان کی نظر میں اسلام کے صنفی مساوات کا اصول بھی اس کی تائید نہیں کرتا، نیز تسریح باحسان (عمدہ انداز سے تعلق ختم کرنا) کی آیت (۲:۲۲۹) بھی گھریلو تشدد کے مفہوم میں ضرب سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ نیز یہ مفہوم مقاصد نکاح سے بھی ہم آہنگ نہیں۔

صنفی مساوات (Feminism) کے علم بردار حلقے کے نزدیک آیت میں ضرب، جسمانی ضرب سے متعلق نہیں کہ ان کی نظر میں وہ Domestic Violence ہے جو عصر حاضر میں ایک جرم تصور ہوتا ہے خواہ وہ علامتی ضرب (غیر مبرح) ہی کیوں نہ ہو۔ اسما برلاس(۵۰) اس تعبیر کو پدر سری معاشرے کا رجحان قرار دیتی ہیں

---

۴۹- محمد بن یزید ابن ماجہ (م ۲۷۳ھ)، **سنن ابن ماجة**، تحقیق محمد فؤاد عبد الباقی، کتاب النکاح، باب ضرب النساء (بیروت: دار إحیاء الکتب العربیة، س ن)، ۱: ۶۳۸، رقم: ۱۹۸۴۔

۵۰- اسما برلاس پاکستانی نژاد امریکن مصنفہ اور ماہر تعلیم ہیں۔ ۱۹۵۰ء میں پیدا ہوئیں۔ اسما برلاس Kennard College for Women University ,University of Denver کی فارغ التحصیل ہیں۔ انھوں نے مختلف کتابیں تحریر کی ہیں جیسے Believing Women in Islam, 2002, Muslim Islam and the US 2004. ان کے علاوہ بھی متعدد کتابوں اور مقالات کی مصنفہ ہیں۔

لہٰذا ان کی رائے ہے کہ ضرب کے دیگر معانی سے استفادہ کرنا چاہیے۔[۵۱] عربی لغت میں "ضرب" مارنے کے علاوہ دیگر کئی معانی میں استعمال ہوتا ہے ۔ضیاءالدین سردار[۵۲] نے اس حوالے سے درج ذیل معانی کی نشان دہی کی ہے۔غالب آنا،ضرب لگانا،مارنا،کوڑے مارنا،سزا دینا،مثال بنانا، تھپکی دینا،ترجیح دینا،وقت گزارنا،دور ہونا،سفر پر جانا،اغوا کرنا۔[۵۳]

### ۱.۲.۴– امینہ ودود کی رائے

اسی طرح امینہ ودود [۵۴] نے نشان دہی کی ہے کہ "ضرب" کا مفہوم جیسے مارنا ہے،اسی طرح مثال دینا بھی ہے،جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے(ضرب الله مثلاً) [۵۵]اللہ نے مثال بیان کی۔اسی طرح ضرب في الأرض، سفر کرنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے[۵۶]اس لیے آیت کو درحقیقت خواتین کے خلاف بے لگام تشدد کی روک تھام کے طور پر پڑھنا چاہیے کہ یہ مارنے کی اجازت نہیں، بلکہ مار پیٹ کے موجود طرزِ عمل پر سخت پابندی کا تقاضا کرتی ہے لہٰذا آیت "ضرب" کے مطالعے کا صرف ایک طریقہ نہیں ہے خواہ کوئی اس کو بیوی کو مارنے کی اجازت کے طور پر بھی بیان کرے۔یہاں ضرب پر پابندی کے طور پر آیت کا مطالعہ کرنے کی دو حوالوں سے بہتر وجہ موجود ہے ایک یہ کہ قرآن حکیم میں ایک مثال سے اس کو سمجھ سکتے ہیں جس کی وضاحت مسلم مفسرین نے حضرت ایوب علیہ السلام اور ان کی بیوی کے حوالے سے کی ہے۔قرآن کی سورۂ ص آیت ۴۴ کی رو سے بعض مفسرین کی رائے میں حضرت ایوب علیہ السلام سے بیوی کے لیے پتوں کی ایک ٹہنی استعمال کرنے کو کہا گیا اور یہ روایت <u>بائبل سے اخذ کی گئی ہے۔اگر یہ درست ہے تو</u>"ضرب" کا مفہوم علامتی ہے اور سزا کا تاثر نہیں رکھتا یا محض علامتی

51– Asma Barlas, *Believing Women in Islam* (University of Texas Press 2002), 188.

۵۲– ضیاءالدین سردار ۱۹۵۱ء میں پیدا ہوئے۔یہ برطانوی نژاد پاکستانی سکالر ہیں،ان کی ۴۵ سے زیادہ کتب ہیں۔ڈیپارٹمنٹ آف آرٹس پالیسی اینڈ منیجمنٹ سٹی یونی ورسٹی لندن میں پوسٹ کولونیل سٹڈیز کے وزٹنگ پروفیسر ہیں اور ایک جرنل *Future* کے ایڈیٹر ہیں۔

53– Beat, hit, strike, scourge,chastise,flog,make an example of, ipank, pet, tap, to go away, strike out on a journey seduce. Ziauddin Sardar, *Reading the Qur'an*, (London : C.Hurst & Co.Ltd., 2011), 308.

۵۴– امینہ ودود ستمبر ۱۹۵۲ میں پیدا ہوئیں،امریکن مسلم فلاسفر ہیں،اسلام قبول کیا اور پھر وہ اسلام کے تناظر میں صنفی مساوات کی کئی تنظیموں سے وابستہ ہیں۔کئی کتابوں کی مصنفہ ہیں۔ Quran and Women کے نام سے ایک کتاب معروف ہے۔

۵۵– القرآن،۱۳: ۲۴۔

۵۶– القرآن،۷۳ : ۲۰۔

اخذ کی گئی ہے۔ اگر یہ درست ہے تو "ضرب" کا مفہوم علامتی ہے اور سزا کا تاثر نہیں رکھتا یا محض علامتی سزا کہہ بھی سکتے ہیں کہ گھاس سے کوئی جسمانی زخم نہیں آتا (روایت بھی کہتی ہے کہ مارنے کا انداز درد پہنچانے والا نہ ہو، اس لیے بعض مفسرین لپٹے ہوئے رومال کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔)

دوسری بات یہ کہ اس تعلیم کے تاریخی تناظر میں جائزہ لینے سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ آیت کی رو سے ضرب کا استعمال کسی معاشرتی معمول کا انداز اختیار کرنے کے بجائے محدود انداز میں کیا گیا۔ اس دور میں کہ جب عورت پر تشدد کی اجازت کسی سے لینے کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی تھی۔ اگرچہ ہمارے پاس حضور ﷺ کے دور میں عورتوں کو مارنے کے حوالے سے کوئی بہت زیادہ معلومات موجود نہیں ہیں۔ بس مدینہ کے معاشرے میں صنفی اختلاف کی ایک ہلکی سی جھلک نظر آتی ہے۔ مارنے کے حوالے سے ایک روایت جو کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے روایت کی ہے جو ایک نمایاں صحابی زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے کہ "زبیر بن عوام کی بیویوں میں میرا نمبر چوتھا تھا۔ جب وہ ہم میں سے کسی پر بھی غصہ میں ہوتا تھا تو ہمیں مشجب (لکڑی کی کھونٹی) سے مارتے تھے۔"(۵۷) اس سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ اس زمانے میں بیوی پر تشدد روا تصور ہوتا تھا۔ چناں چہ رسول اللہ ﷺ نے اس مسئلے سے بہتر طریقے سے نمٹنے کے طور پر دو متبادل حل (وعظ اور ہجر) تجویز کیے اور پھر ان میں ایک ترتیب مقرر کی گئی اور اس میں سب سے آخر میں ناراض شوہر کے لیے غیر مضر مارنے کا اختیار تجویز کیا گیا۔ اگرچہ آپ ﷺ کا جھکاؤ بہر صورت عدم ضرب کی طرف تھا، اس لیے ہم دیکھتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے اپنے پیروکاروں کو متنبہ کیا کہ وہ عورتوں پر تشدد نہ کریں۔ لہٰذا اس آیت (۴:۳۴) نے واضح طور پر اس پس منظر میں کوئی اجازت نامہ نہیں دیا بلکہ یہ پابندی لگائی کہ قرآن نے ضرب کا ذکر نہ پہلی اور نہ دوسری ترجیح کے طور پر کیا بلکہ آخری امکان کے طور پر ذکر کیا ہے۔ تو جب قرآن کا مقصد اس دور میں جب کہ عورتوں پر تشدد تھا اس تشدد کو روکنا تھا تو موجودہ دور میں جب کہ ہم زیادہ مہذب ہونے کا دعویٰ رکھتے ہیں اس آیت کو تشدد کے لیے با اختیار بنانے کی کوئی وجہ نہیں۔(۵۸)

## ۲.۴- لیلیٰ بختیار کی رائے

لغت میں ضرب کا ایک مفہوم اعراض کرنا ہے جیسا کہ قرآن حکیم میں مذکور ہے ﴿أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ

---

۵۷- الزمخشری، الکشاف، ۱: ۵۰۷۔

58– Amina Wadood, *Quran and Women* (New York: Oxford University Press, 1999), 75-76.

﴿الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ﴾ (۵۹) (کیا ہم تم کو نصیحت کرنے سے اعراض کرلیں کہ تم حد سے تجاوز کرنے والے لوگ ہو)؛ چناں چہ لیلیٰ بختیار (۶۰) کے ترجمے میں مذکور ہے کہ اگر پہلی دو تدابیر کارگر نہ ہوں تو شوہروں سے کہا گیا "ان سے دور ہو جاؤ"یعنی علاحدگی اختیار کرلو اور لیلیٰ کا یہ بھی کہنا ہے کہ آیت میں مذکور فعل مضارع (تخافون) فعل حال کے معنی میں ہے،یعنی آیت میں کسی حکم کی نشان دہی کے بجائے اظہار واقعہ ہے جس کا تعلق عہد نبوی کے مدینہ سے ہے۔(۶۱) مگر یہ اندازِ فکر قرآنی آیات کو عہدِ نبوی کے بعد کے ادوار کے لیے غیر متعلقہ بنانے کی سوچ کی نمائندگی کرتا ہے۔

در حقیقت اللہ تعالی نے سوائے جنگ کے، کسی دوسرے انسان کو ضرر پہنچانے سے منع کیا ہے اور اس لیے بھی کہ اس کی بنیاد رسول اکرم ﷺ کا طرز عمل ہے کہ آپ کے جب اپنی ازواج کے ساتھ اختلاف ہوئے تو آپ نے اس کے باوجود ان پر ہاتھ نہیں اٹھایا۔ معاصر رائے میں "مارنے" والا ترجمہ، قرآن کی آیت ۲:۲۳۱ کے بھی متصادم ہے کہ طلاق کے بعد عورتوں کے ساتھ بدسلوکی سے منع کیا گیاہے۔اگر ضرب کے مختلف معنی پر غور کیاجائے تواس سے مرادمار پیٹ نہیں بلکہ علاحدگی ہے یاپھر یہ کہ اختلاف کی صورت میں ثالث مقرر کرناہے، کیوں کہ مار پیٹ کی صورت میں ایک شخص خود ہی مدعی، گواہ،جج،اور سزا پر عمل درآمد کرنے والا ہوگا اور یہ عمل انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے۔

### ۴.۲.۳–وقاص محمد کی رائے

وقاص محمد (۶۲) کا کہناہے کہ اضربوھن کا یہ مفہوم کہ شوہر بیوی کو چھوڑ دے (Leave Them)

---

۵۹– القرآن،۴۳: ۵۔

۶۰– لیلی بختیار ۱۹۳۸ءنیویارک امریکہ میں پیدا ہوئیں۔ایرانی امریکن مصنفہ ہیں۔ انھوں نے ۲۵ کتابیں اسلام سے متعلق لکھی ہیں جن میں زیادہ تر صوفی ازم پر ہیں،انھوں نے قرآن پاک کا ترجمہ کیاجو ۲۰۰۷ء میں شائع ہوااور اس کا نام Sublime Quran ہے۔

61– Laleh Bakhtiar, *The Sublim Qur'an* (Chicage: Kazi Publicaton, 2007), 234.

۶۲– وقاص محمد برطانیہ کے مسلم سنی گھرانے میں پیدا ہوئے۔وہ اپنے بارے میں کہتے ہیں کہ قرآن کا آزاد مطالعہ کرنے والا ہوں۔ "قرآن پر مبنی اسلام" سے متعلق آن لائن مباحث کے فورمز پر سرگرم رہتے ہیں، چند مختصر مضامین Learn-About-Islam پر دست یاب ہیں۔ان کی درج ذیل کتب دست یاب ہیں۔

*Wife beating in Islam? The Quran strikes back,* 50 common misconceptions about islam, Muslims and The Quran.

یا ان سے علاحدگی اختیار کر لیں(Separate for Them)بایں معنی درست نہیں کہ قرآن نے زوجین کی علاحدگی کے مفہوم کے لیے طلاق اور تسریح کے الفاظ استعمال کیے ہیں اور دوسری بات یہ کہ شوہر کو علاحدگی کے لیے کارروائی کرنے کا کہنا اس صورت میں منصفانہ نہ ہو گا جب کہ اس کا اس میں کوئی قصور نہیں اور وہ امساک بالمعروف پر عمل کرنا چاہتا ہے، جب کہ اصلاح نشوز سے اس تدبیر کا کوئی تعلق نہیں؛ کیوں کہ قرآن حکیم نے اس کے بعد ذکر کیا کہ پھر اگر وہ تمھاری بات ماننے لگیں تو ان پر زیادتی کا کوئی راستہ مت تلاش کرو، طلاق کے بعد اطاعت کا معنی کوئی مناسبت نہیں رکھتا اور اگر بغیر طلاق کے چھوڑے رکھے تو سوال یہ ہے کہ یہ تدبیر کس طرح "هجر في المضاجع" سے زیادہ مؤثر ثابت ہو گی، بلکہ ایسی صورت میں بیوی "معلقه" قرار پائے گی جس سے ممانعت وارد ہوئی ہے (سورۃ النساء آیت ۱۲۹) اور یوں عورت کو علاحدگی حاصل کرنے کا قانونی جواز حاصل ہو جائے گا، گویا اس کا نشوز قانونی حیثیت حاصل کر لے گا۔[۶۳]

وقاص محمد کا یہ بھی کہنا ہے کہ "هجر في المضاجع" پر عمل کے ایک عرصے کے بعد اصلاح نشوز کی تدبیر بروے کار نہیں آتی تو بجائے اس کو "معلقه" رکھنے کے اس کا حل سورۃ البقرۃ کی آیات ۲۲۶ – ۲۲۷ کی روشنی میں صرف مصالحت یا طلاق رہ جاتا ہے، اور یہ مرحلہ ایک اختیار (Authority) کا تقاضا کرتا ہے کہ اس کے سامنے حقائق پیش کیے جائیں جیسا کہ ظہار کی صورت میں ایک خاتون نے رسول اللہ ﷺ سے رجوع کیا تھا جس کا ذکر سورۃ المجادلہ کی ابتدائی چار آیات میں ہے۔

### ۴.۲.۴– رفیع اللہ شہاب کی رائے

رفیع اللہ شہاب[۶۴] نے کہا ہے کہ ضرب کا ایک معنی پابندی لگانا بھی ہے،[۶۵] یعنی آیت شوہروں کو ہدایت دے رہی ہے "کہ بیویوں کو ان کے بستروں میں اکیلا چھوڑ دو اور ان کے گھروں سے باہر جانے پر پابندی لگا

---

63– Waqas Muhammad, *Wife beating in Islam? The Quran strikes back*, www.Quran434.com, accessed: 6-12-2019.

۶۴– رفیع اللہ شہاب (۱۹۳۱ء–۲۰۰۳ء) گورنمنٹ کالج لاہور میں شعبۂ عربی کے سربراہ مقرر ہوئے جہاں سے مئی ۱۹۹۱ء میں ریٹائر ہو گئے۔ ماہنامہ **فکر و نظر**، ماہنامہ **طلوع اسلام**، سہ ماہی **معارف**، روزنامہ **امروز**، فرنٹیر پوسٹ میں اور پاکستان ٹائمز میں ان کی تخلیقات شائع ہوئیں۔ اس کے بعد دی نیشن کا اجرا ہوا تو اس میں محمد شعیب عادل کے نام سے کافی عرصے تک لکھتے رہے۔ ان کی ۲۰ سے زیادہ کتب ہیں۔

65– Rafi ullah Shihab, *Right's of Women in Islamic Sharia* (Lahore: Indus Publishing House, 1986), 117.

دو" اور اپنے اس نقطۂ نظر کی تائید میں ان کا کہنا ہے کہ قرآن حکیم میں اسی طرح کے طرز عمل کی ہدایت فواحش کی مرتکب بیویوں کے لیے کی گئی ہے۔ ﴿وَالّٰتِیۡ یَاۡتِیۡنَ الۡفَاحِشَۃَ مِنۡ نِّسَآئِکُمۡ فَاسۡتَشۡہِدُوۡا عَلَیۡہِنَّ اَرۡبَعَۃً مِّنۡکُمۡ ۚ فَاِنۡ شَہِدُوۡا فَاَمۡسِکُوۡہُنَّ فِی الۡبُیُوۡتِ حَتّٰی یَتَوَفّٰہُنَّ الۡمَوۡتُ اَوۡ یَجۡعَلَ اللّٰہُ لَہُنَّ سَبِیۡلًا﴾ (۶۶) (تمھاری اور تم میں سے جو بے حیائی کا ارتکاب کریں تو ان پر اپنے چار افراد کو گواہ بناؤ اگر وہ گواہی دے دیں تو انھیں گھروں میں مقید رکھو۔ یہاں تک انھیں موت آجائے یا اللہ ان کے لیے کوئی راستہ پیدا کر دے۔)

گویا شہاب نے آیت میں "ضرب" کی ہدایت کا فحش طرز عمل کے حوالے سے مطالعہ کیا ہے۔ ان کی نظر میں نشوز "ارتکاب فحش" ہے۔ قرآن حکیم کی مذکورہ آیت میں تاحیات گھروں میں پابند کرنے کی سزا کا ذکر ہے، مگر اس کے لیے چار گواہوں کی شرط کا تعین کیا گیا ہے، تاہم ان گواہوں سے گواہی کا تقاضا کرنا اور اس کی بنیاد پر سزا کا فیصلہ شوہر کی صواب دید پر چھوڑنا مسئلے کے حل میں پیچیدگی کا باعث ہو گا۔

## ۴.۲.۵۔ رفعت حسن کی رائے

رفعت حسن نے ضرب کے بارے میں مکمل طور پر مختلف انداز میں اس آیت کا فہم پیش کیا ہے۔ الصالحات قانتات کا مفہوم یہ بیان کیا کہ بچے پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والی خواتین (Capable for child bearing) پانی ذخیرہ کرنے والی (Water Container) یعنی (رحم سے استعارہ ہے)، ان کا کہنا ہے کہ اگر تمام عورتیں بچوں کی ولادت کے کردار سے انحراف پر اتر آئیں تو ان کو معاشرے کی طرف سے نہ کہ شوہروں کی طرف سے نظم و ضبط کا پابند بنایا جائے اور یہ عمل تشدد کے بے تکے طریقوں کی طرف اشارہ نہیں بلکہ قانونی تناظر میں "ضرب" کا مفہوم قید میں رکھنا (Holding in Confinement) ہو گا۔ (۶۷)

قید کے حوالے سے رفعت حسن کی رائے نہ صرف شہاب کی "ضرب" کی تشریح سے ہم آہنگ ہے بلکہ یہ بات قرآن کی شوہروں کو دی گئی ہدایات سے بہ ظاہر مطابقت رکھتی ہے کہ وہ اپنی بیویوں کے ساتھ رحم دلی سے پیش آئیں حتی کہ اپنے دشمنوں سے یا جن سے انھیں نفرت ہے، ان سے بھی اس طرح پیش آئیں مگر سوال آیت کی تشریح کا ہے کہ عربی لغت کی رو سے "ضرب" کو قید میں ڈالنے کے مفہوم سے کیسے منسلک کیا جائے۔

---

۶۶ – القرآن، ۴: ۱۵۔

67– Riffat Hassan,"Feminism in Islam," in *Feminism and World Religion*, ed. Arvind Sharma and Katherine. K. Young, 264,265.

حقیقت یہ ہے کہ اس آیت کے بہت سے مختلف معاصر مطالعات کا مطلب یہ ہے کہ آیت میں اجمال ہے لہٰذا اس حوالے سے بہر حال اس آیت کو بیویوں کو مارنے کے اجازت نامے یا ان پر یک طرفہ اطاعت کو لازم کرنے کا مفہوم ایک بہتر معنی کے طور پر قابل قبول نہیں؛ کیوں کہ قرآن جنسی مساوات کے ساتھ اس امر کا قائل ہے کہ عقد نکاح کے ذریعے اس کے مقاصد باہم محبت، درگزر، ہم آہنگی اور سکون کی تکمیل ہو۔ یہ امر یہاں ملحوظ رہے کہ "ضرب" کی معاصر تعبیرات میں روایات کو نظر انداز کر کے عربی لغت سے استفادے کی کوشش کی گئی ہے۔

"ضرب غیر مبرح" کی روایات کے قائلین کے ہاں بھی ترک ضرب بہر حال اولیٰ ہے۔ جیسا کہ بہز بن حکیم اپنے والد اور دادا سے روایت کرتے ہیں: "قلت یا رسول الله، نساؤنا مانأتی منهن وما نذر؟ قال ائت حرثک أنی شئت، واطعمها اذا طعمت واکسها اذا اکتسیت ولا تقبح الوجه، ولا تضرب."[۶۸] (میں نے کہا اے اللہ کے رسول ہم اپنی عورتوں کے ساتھ کیا معاملات اختیار کریں اور کن باتوں کو چھوڑ دیں، تو آپ ﷺ نے فرمایا اپنے درست ازدواجی تعلق کو قائم کرو جیسے چاہو جب خود کھاؤ ان کو بھی کھلاؤ اور جب خود لباس پہنو انھیں بھی پہناؤ، نہ چہرہ کو بگاڑو اور نہ مارو۔)

اسی طرح ایاس بن عبد اللہ بن ابی ذباب روایت کرتے ہیں:

قال رسول الله ﷺ: "لا تضربوا إماء الله،" قال: فذئر النساء وساءت أخلاقهن على أزواجهن، فقال عمر بن الخطاب: ذئر النساء وساءت أخلاقهن على أزواجهن منذ نهيت عن ضربهن، فقال النبي ﷺ: "فاضربوا" فضرب الناس نساءهم تلک الليلة، فأتي نساء كثير يشتكين الضرب، فقال النبيﷺ حين أصبح: "لقد طاف بآل محمد الليلة سبعون إمراة كلهن يشتكين الضرب، وأيم الله لا تجدون أولئک خياركم.[۶۹]

---

۶۸۔ ابو داؤد سلیمان بن اشعث، **سنن أبي داؤد،** کتاب النکاح، باب في حق المرأة على زوجها، ۲: ۲۴۵، رقم: نمبر ۲۱۴۳

۶۹۔ محمد بن حبان التمیمی الدارمی، **صحیح ابن حبان**، بترتیب ابن بلبان، تحقیق شعیب الارنؤوط، باب معاشرة الزوجين، ذكر الزجرعن ضرب النساء إلا عند الحاجة إلى أدبهن ضربا غير مبرح (**بیروت:** مؤسسة الرسالة)، ۹: ۴۹۹، رقم: ۴۱۸۹۔

(رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی بندیوں کو نہ مارو۔ راوی کہتے ہیں کہ اس کے بعد عورتیں نافرمان ہو گئیں اور ان کے اخلاق بگڑ گئے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب سے عورتوں کے مارنے سے منع کیا گیا، وہ شوہروں کی نافرمان ہو گئیں اور ان کے اخلاق خراب ہو گئے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انھیں مارو تو لوگوں نے اس رات اپنی بیویوں کو مارا تو بہت سی عورتیں شکایت لے کر آئیں تو صبح کو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آل محمد کے پاس رات کو ستر عورتیں مار پیٹ کی شکایت لے کر آئیں۔ بخدا تم ان لوگوں کو اپنے میں سے اچھے لوگ نہیں پاؤ گے۔)

گویا ضرب کی اجازت عمومی نوعیت کی نہیں ورنہ رسول اللہ ﷺ اس پر عمل کرنے والوں کے بہتر ہونے کی نفی نہ کرتے۔

## ۶.۲.۴– ابن عربی، طاہر بن عاشور اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی کی رائے

ابن العربی (م۵۴۳ھ) نے عطاء بن ابی رباح(م۱۱۵ھ) کا قول نقل کیا ہے کہ شوہر بیوی کو نہ مارے خواہ وہ اس کے کسی حکم کو نہ بجالائے یا اس کی ممانعت کو خاطر میں نہ لائے؛ تاہم اس پر غصے کا اظہار کر سکتا ہے۔ ابن العربی نے اس کو عطاء کی شریعت کے گہرے فہم اور اجتہادی مواقع سے مکمل آگہی قرار دیا کہ انھیں یہ معلوم ہوا کہ مارنے کی آیت پر عمل کرنا ضروری نہیں ہے۔ واضح رہے کہ "اضربوھن" عربی گرائمر کے لحاظ سے امر کا صیغہ ہے اور اس امر پر مفسرین کا اتفاق ہے کہ یہ امر اباحۃ اور جواز کے لیے ہے جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد ہے، وإذا حللتم فاصطادوا [۷۰] (جب تم (احرام سے) حلال ہو جاؤ تو شکار کر سکتے ہو) جب کہ رسول اللہ ﷺ کے ارشادات سے اس کی ناپسندیدگی بھی ثابت شدہ ہے۔ عبد اللہ بن زمعہ کی حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "میں مرد کے لیے ناپسند کرتا ہوں کہ وہ غصے کے وقت اپنی باندی کو مارے، ہو سکتا ہے کہ وہ اسی دن اس کے ساتھ ازدواجی تعلق قائم کرے۔"[۷۱] طاہر بن عاشور (م۱۳۹۳ھ) [۷۲] کہتے ہیں کہ میری رائے میں عطاء کی نظر اس سے بھی زیادہ وسیع ہے جس کو ابن العربی نے محسوس کیا ہے۔ انھوں نے تو ان امور کو قرائن کی روشنی میں اپنے موقع و محل پر رکھا ہے یعنی جس کی جتنی اہمیت ہے، اسی قدر پیش نظر رکھی ہے اور اس پر اہل علم کی ایک جماعت ان سے متفق ہے۔[۷۳]

---

۷۰– القرآن، ۵: ۲۔

۷۱– احمد بن عبد اللہ، ابو بکر ابن العربی، **أحکام القرآن** (بیروت: دار الکتب العلمیة، ۲۰۰۳ء)، ۱: ۵۳۶۔

۷۲– محمد الطاہر ابن محمد ابن عاشور (۱۸۷۹ء-۱۹۷۳ء) جامعہ الزیتونیۃ تونس سے فارغ التحصیل ہیں۔ ۱۹۳۲ء میں شیخ الاسلام اور جج کے عہدے بھی فائز رہے ہیں۔ ان کی شاہ کار کتب میں مقاصد الشریعہ الاسلامیہ اور تفسیر **التحریر و التنویر** شامل ہیں۔

۷۳– محمد الطاہر بن عاشور، **التحریر و التنویر** (تونس: دار التونسیة للنشر، ۱۹۸۴ء)، ۵: ۴۳۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی (م ۱۸۱۰ء) نے فاحشہ کے ارتکاب یا دینی فرائض سے پہلو تہی کی صورت میں شوہر کی صواب دیدی رائے کا ذکر کیا ہے کہ ضرب یا حبس (قید) میں سے کوئی بھی طریقہ اختیار کر سکتا ہے جس کے نتیجے میں عورت کو تنبیہ حاصل ہو[۷۴] گویا ان کی رائے میں ضرب، واحد متبادل نہیں بلکہ حبس کو بھی متبادل طریقے اصلاح کے طور پیش نظر رکھا جا سکتا ہے۔ ایک اصولی ضابطہ ہے کہ جب کم درجے کے ضرر کا موازنہ بڑے درجے کے ضرر سے کیا جائے تو بڑے درجے کے مقابلے پر کم درجے کے ضرر کا ارتکاب بہتر ہے، لہٰذا مسواک وغیرہ جیسی چیز سے ضرب، طلاق دینے سے یقیناً بہتر ہو گی کہ طلاق تو خاندانی نظام کو توڑ پھوڑ کے رکھ دیتی ہے۔ دنیاوی نظام کو بہتر نہج پر استوار رکھنے کے لیے عورتیں تو کیا مردوں کو بھی بعض امور میں تادیب کرنا بھی ضروری تصور ہوتا ہے۔ اسی مقصد کے لیے دنیوی نظام میں سزائیں مقرر کی گئی ہیں اور جیلیں بنائی گئی ہیں۔ چوں کہ اسلام کی نظر میں معاہدۂ نکاح کی پائے داری اور دوام و استمرار مقصود ہے اور اس کو ایک تقدس عطا کیا گیا ہے، اس لیے اس میں در آنے والے خلل جس کو نشوز کہتے ہیں، کی اصلاح کے لیے مختلف مراحل بیان کیے ہیں اور فریقین میں سے جس کو جو ضرر لاحق ہو اس کے دفعیہ کو قطع تعلق اور طلاق پر ہر صورت ترجیح حاصل ہے۔

## ۵- آیت نشوز (۴:۳۴) کا خطاب

آیت نشوز (۴: ۳۴) کے حوالے سے ایک اہم بحث یہ ہے کہ اس کا مخاطب کون ہے؟ متقدمین و معاصرین مفسرین کی بڑی اکثریت نے اس کا مخاطب شوہروں کو قرار دیا کہ وہ ازخود اصلاح نشوز کی تدابیر عمل میں لائیں خواہ وہ وعظ و نصیحت ہو، هجر في المضاجع ہو یا ضرب، تاہم اس حوالے سے یہ اہم سوال ضرور در پیش ہو گا کہ "ضرب" پر عمل کرنے کی صورت میں شوہر بہ ذات خود مدعی، گواہ، منصف اور سزا دینے والا متصور ہو گا جو عدل و انصاف کے مسلمہ ضابطوں کے خلاف ہے، جس کا ایک حل تو روایات سے قطع نظر "ضرب" کے متبادل معنوں کی تلاش کی صورت میں کیا گیا جیسا کہ گذشتہ سطور میں ذکر ہوا؛ جب کہ دوسرا حل اس حوالے سے دیکھا گیا کہ آیت کے مخاطب کا تعین کیا جائے۔

### ۵.۱- طاہر بن عاشور کی رائے

طاہر بن عاشور کہتے ہیں کہ آیتِ نُشوز میں خطاب کی نسبت متعلقہ امور کے ذمہ دار حکام وقت کی جانب

---

۷۴- محمد ثناء اللہ پانی پتی، **التفسير المظهري** (پاکستان: مكتبة الرشيدية، ۱۴۱۲ھ)، ۲ق ۲ : ۱۰۰۔

ہے۔ ان سے اس بات کا تقاضا کیا گیا ہے کہ ان کے پاس شوہروں کی طرف سے بیویوں کے نشوز کا معاملہ اٹھایا جائے تو ایسی صورت میں متعلقہ اقدامات کی ذمہ داری ان حکام پر عائد ہوگی۔ ایسی صورت میں فعظوھن کی نسبت اپنی حقیقت پر ہے یعنی حکام ان عورتوں کو نصیحت کریں کہ وہ نشوز سے باز آجائیں جب کہ (واھجروھن في المضاجع) کا مطلب یہ ہے کہ حکام شوہروں کو ان سے ترک تعلق کی اجازت دیں اور واضربوھن کے مخاطب بھی حکام ہیں کہ وہ ناشزہ کی تادیب کریں اور اس کے بعد فإن أطعنكم فلا تبغوا عليهن سبيلا (تو اگر وہ تمھاری بات ماننے لگیں تو ان پر کوئی الزام مت تلاش کرو) کے جملے میں مخاطب کی ضمیر کے مخاطب شوہر اور حکام دونوں ہیں۔ خلاصہ یہ کہ نشوز کے محض اندیشے پر شوہر کے لیے از خود ترک تعلق اور ضرب جائز نہیں۔[۷۵]

قرآن حکیم میں کئی آیات ہیں جن کا مخاطب عوام الناس کے بجائے مسلمانوں کی ہیئت حاکمہ (قوتِ نافذہ) ہے، خاص طور جن کا تعلق قانون شکنی کی سزا سے ہے، مثلاً ﴿ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوٓا أَيْدِيَهُمَا ﴾،[۷۶] اسی طرح عائلی معاملات میں بھی ان کو مخاطب کیا گیا ہے ﴿ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ ﴾[۷۷] (اگر تمھیں اندیشہ ہو کہ زوجین اللہ کی حدود کو قائم نہیں رکھ سکیں تو خلع کے حوالے سے معاہدے میں ان پر کوئی حرج نہیں۔)

طاہر بن عاشور مزید کہتے ہیں کہ اگر شوہروں کو ضرب کا اختیار مطلقاً سونپ دیا جائے تو وہ اس صورت میں اپنا ذاتی غصہ اتاریں گے، یہ حدود سے تجاوز کا موقع ہے۔ ایسے لوگ بہت کم ہیں جو زیادتی کے مطابق سزا دیں اور شریعت کا اصول بھی اس کی اجازت نہیں دیتا کہ بلا ضرورت کوئی شخص اپنی ذات کے لیے فیصلہ کرے اگرچہ جمہور اہل علم نے ضرب کو مقید ذکر کیا ہے کہ نقصان پہنچانے سے حفاظت ہو اور اسی طرح ان لوگوں میں اس کا صدور ہو جو ثقافتی طور پر آپس میں مار پیٹ کو توہین اور نقصان پہنچانا نہیں گردانتے، لیکن جب یہ ایک حقیقت ہو کہ شوہر شرعی سزاؤں کو اپنے مواقع پر درست سرانجام نہیں دیتے اور نہ ان ہی حدود کی پابندی کرتے ہیں تو حکام از خود سزا دینے پر پابندی لگا سکتے ہیں اور یہ اعلان کرسکتے ہیں کہ جس نے اپنی بیوی کو مارا اس کو سزا دی جائے گی

---

۷۵- محمد الطاہر بن عاشور، مرجع سابق، ۵: ۴۳- ۴۴۔

۷۶- القرآن، ۵ : ۳۸۔

۷۷- القرآن، ۲ : ۲۲۹۔

تاکہ میاں بیوی کے درمیان تعلقات کو نقصان پہنچانے کا معاملہ حدود سے تجاوز نہ کر جائے خاص طور پر جب دینی جذبہ بھی کم زور ہو۔[۷۸]

### ۱.۵– مولانا عبید اللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے

مولانا عبید اللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ[۷۹] (م ۱۹۴۴ء) کی رائے یہ ہے کہ قرآن وحدیث میں شوہروں کو عائلی تنازعات کے حل کے حوالے سے تمام شخصی اختیارات نہیں دیے گئے، لہٰذا سورۃ النساء کی آیت نمبر ۳۴ میں خاندانی نظام کے اولیا واقارب کو مخاطب تصور کیا جانا چاہیے کہ، مثلاً ماں، باپ، عزیز واقارب وغیرہ نشوز کی صورت میں عورت کو تنبیہ کریں گے، سمجھائیں گے۔ اگر نہیں مانے گی تو ان سب کی مشاورت سے اس پر سختی کی جائے گی جو بہ تدریج بڑھتی جائے گی جب تک کہ وہ اس قانون (معاشرہ بالمعروف) کی پابند نہ ہو جائے۔ اس لیے پہلے سرزنش، پھر الگ الگ رہنا، اور سب سے اخیر میں ضرب لیکن وہ ضرب جو جسمانی نقصان کا باعث نہ ہو۔[۸۰] آیت نمبر ۳۴ کے مخاطب، اولیا کو قرار دینے کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ اس کے بعد کی آیت کے حوالے سے یہ غالب رائے موجود ہے کہ اس کے مخاطب زوجین کے اولیا ہیں۔ ارشاد ربانی ہے: ﴿وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا﴾[۸۱] (اور اگر تم کو زوجین کے مابین جھگڑے کا خوف ہو تو ایک حکم مرد والوں کی طرف سے بھیجو اور ایک حکم عورت والوں کی طرف سے؛ یہ دونوں اگر صلح کرانا چاہیں گے تو اللہ ان میں ہم آہنگی کر دے گا۔ بے شک اللہ جاننے والا خبر دار ہے۔)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی درج ذیل حدیث بھی اس امر کی تائید کرتی ہے کہ نشوز زوجہ کا اندیشہ لاحق ہو تو اس کے اولیا سے مدد لی جائے۔ "إن النبي ﷺ استعذر أبا بكر عن عائشة، ولم يظن النبي ﷺ أن ينالها بالذي نالها ، فرفع أبو بكر يده فلطمها وصك في صدرها ، فوجد من ذالک النبي ﷺ

---

۷۸– محمد الطاہر بن عاشور، مرجع سابق، ۵ : ۴۴۔

۷۹– مولانا عبید اللہ سندھی (۱۸۷۲ء– ۱۹۴۴ء) تحریک آزادی ہند کے سرگرم کارکن تھے۔ ہندوستان میں برطانوی استعمار سے آزادی کے لیے سیاسی طور پر سرگرداں رہے۔

۸۰– عبید اللہ سندھی، **المقام المحمود** (لاہور: مکی دار الکتب، ۱۹۹۷ء)، ۱ : ۵۷۷۔

۸۱– القرآن، ۴ : ۳۵۔

وقال : يا أبا بكر، ما أنا بمستعذرک منها بعدها أبدا."[۸۲] (رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں کوئی معذرت طلب کی ( یعنی ان کی شکایت کی) اور آپ کو اس کا خیال نہیں تھا کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس طرح پیش آئیں گے جیسے وہ پیش آئے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ہاتھ اٹھا کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو رسید کر دیا، رسول اللہ ﷺ نے اس کو محسوس کیا اور فرمایا ابو بکر رضی اللہ عنہ! اس کے بعد کبھی میں تم سے اس (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) کی عذر خواہی کا تقاضا نہیں کروں گا۔)

اسی طرح نفقے میں اضافے کے حوالے سے جب ازواج مطہرات کے مطالبے پر رسول اللہ ﷺ نے خفگی کا اظہار کیا تھا تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اپنی صاحب زادی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی از خود گوشمالی کی تھی۔[۸۳] الغرض آیت ۴:۳۴ کا خطاب کس سے ہے اور اس میں مذکور "ضرب" کا مفہوم کیا ہے؟ اس میں درج ذیل آرا سامنے آتی ہیں:

۱. آیت کے مخاطب ازواج ہیں کہ بیوی کے نشوز کی صورت میں وعظ، هجر في المضاجع اور ضرب کو اصلاح کے نقطۂ نظر سے عمل میں لائیں اور ضرب سے مقصود ضرب غیر مبرح (یعنی ہلکی جسمانی سزا) ہے اور اس حکم کی نوعیت عمومی ہے۔ آثار و اخبار کے مطابق "ضرب" کا مفہوم جسمانی سزا ہے۔ اس کا ذکر خطبہ حجۃ الوداع میں بھی پایا جاتا ہے اور اس کا تعلق جواز سے ہے، استحباب یا وجوب سے نہیں۔

۲. آیت کے مخاطب ازواج ہیں کہ نشوز کی اصلاح کے لیے وعظ اور هجر في المضاجع کی تدابیر عمل میں لائیں؛ جب کہ ضرب پر عمل درآمد کا تعلق ایسے مخصوص ماحول سے ہے جس میں شوہر کے ہاتھ سے بیوی کی جسمانی تادیب کو ظلم یا اضرار، اعتدا اور باعث عار تصور نہیں کیا جاتا یعنی نہ مردوں میں اور

---

۸۲– **صحیح ابن حبان**، باب معاشرة الزوجين، ذكر الإباحة للمرء أن يستعذرلصهره من امرأته إذ اكره منها بعض الاختلاف،۹: ۴۹۱، رقم: ۴۱۸۵۔

۸۳– **صحیح مسلم**، كتاب الطلاق، باب بيان أن تخيير امرأته لا يكون طلاقًا إلا بالنية،۲ : ۱۱۰۴، رقم: ۱۴۷۸۔

نہ عورتوں میں۔ یہ اسی طرح کا معاملہ ہے جیسے بعض مشرقی معاشروں میں والدین کے ہاتھوں بچوں کی تادیب کو ظلم تصور نہیں کیا جاتا۔

۳. آیت کے مخاطب ازواج ہیں اور ان کے لیے نشوز زوجہ کی صورت میں وعظ اور هجر في المضاجع کے بعد "ضرب" پر عمل کا مفہوم یہ ہو گا کہ وہ بیویوں سے علاحدگی اختیار کر لیں یا ان کے خلاف چارہ جوئی کے لیے عدالت یا انتظامیہ سے رجوع کریں۔

۴. آیت کا مخاطب صاحبان اختیار ہیں کہ وہ نُشوز کی صورت میں مذکورہ اصلاحی تدابیر کو روبہ عمل لائیں اور بہ وقت ضرورت جسمانی تادیب کریں۔

۵. آیت کے مخاطب بیوی کے اولیا(باپ وغیرہ) ہیں کہ وہ آیت نُشوز میں بیان کردہ تمام اصلاحی تدابیر پر عمل درآمد کریں۔

۶. آیت میں موجود فعل (تخافون) کو زمانۂ حال کے مفہوم میں تصور کیا جائے کہ یہ عہدِ نبوی کی زمینی حقیقت کا ذکر ہے، گویا اس کو حکم کے بجائے اس دور کے اظہار واقعہ کے طور پر دیکھا جائے۔

## نتائجِ تحقیق

۱. نشوز، معاشرۃ بالمعروف کے منافی رویے کا نام ہے، خواہ اس کا ارتکاب کسی بھی فریق کی طرف سے ہو۔

۲. قرآنِ حکیم میں نشوزِ زوجین کی اصلاح کے حوالے سے سورۃ النساء کی آیات (۱۲۸،۳۴) میں رہ نمائی فراہم کی گئی جو بالترتیب اصلاحِ نشوزِ زوجہ اور اصلاحِ نشوزِ زوج کو زیرِ بحث لاتی ہیں۔

۳. نشوز زوجہ کی اصلاح کے حوالے سے روایت پسند بیانیہ یہ ہے کہ تمام معاملات میں مرد کو بالادستی حاصل ہے اور وہ تادیب کے حوالے سے جسمانی سزا سمیت تمام متعلقہ اختیارات رکھتا ہے؛ لیکن یہ جسمانی سزا غیر مبرح ہے۔

۴. صنفی مساوات (Feminism) کے نظریے کے تحت نشوزِ زوجہ کی صورت میں مرد کو کسی صورت جسمانی سزا کا اختیار حاصل نہیں ہے خواہ وہ علامتی ہی کیوں نہ ہو۔ ان کے ہاں قرآنی آیت "واضربوھن" کے متبادل مفہوم کو اختیار کیا جائے گا، لیکن اس نظریے میں احادیث و آثار کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

۵. ایک نقطۂ نظر یہ ہے کہ نشوزِ زوجہ میں تادیب کے اختیارات کو شوہر کی صواب دید کی بجائے حکامِ

وقت یعنی عدلیہ انتظامیہ وغیرہ یا اولیاے خاندان (Family Elders) کے پس منظر میں دیکھا جائے۔اس کو سماجی تشکیلِ نو کا نظریہ کہا جا سکتا ہے۔

## سفارشات

- نشوز کے سد باب کے لیے معاہدۂ نکاح کی انجام دہی میں زوجین کی حیثیت میں سماجی توازن ضروری ہے اور بے جوڑ رشتوں سے بہر صورت اجتناب ضروری ہے۔
- معاہدۂ نکاح کے انعقاد میں زوجین کے اولیا کی اپنی ترجیحات اور اپنی پسند و ناپسند پر انحصار کرنے کی بجائے زوجین کے رجحانات ، مفادات اور ترجیحات کا اہتمام ضروری ہے کہ یہی فریقین کے درمیان طے پانے والے معاہدے کی روح ہے اور نشوز کے سد باب کے لیے اس کو ملحوظ رکھا جانا چاہیے۔
- زوجین کے مابین ہونے والے عائلی معاہدے میں حقوق سے انحراف پر مبنی ایسی شرائط کی حوصلہ شکنی ازروے اسلامی شریعت ضروری ہے جن کے تحت کسی فریق کی مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھا کر اسے من مانی شرائط قبول کرنے پر آمادہ کیا جاتا ہے جو مستقبل میں فروغ نشوز کا باعث بنتی ہیں۔
- نشوز کے سد باب کے لیے ضروری ہے کہ قانونِ معروف کے مطابق بیوی کے لازمی اخراجات (نفقہ) کی ادائی کے اہتمام کی لازمی حیثیت کا سماجی شعور اجاگر کیا جائے۔
- نشوز کے سد باب کے لیے یہ امر اہمیت کا حامل ہے کہ خواتین کی بیرون خانہ مصروفیات کے بارے میں متوازن سوچ کی پذیرائی، خانگی ذمے داریوں سے انحراف اور نمود و نمائش اور بے جا تقلید کے رویوں سے احتراز کے ساتھ ساتھ جبر کی حد تک گھریلو پابندیوں کی حوصلہ شکنی کے اقدامات روبہ عمل لائے جائیں۔

# List of Sources in Roman Script


- Al-Qur'an
- Abdul Hasan Ahmad b. Fāris, *Mojam ' al-Maqayīs al-lughāt* . Qum: Dar ul Kutub Elmiah.
- Abdul Razaq b. Hamam, *al-Musanaf*, Barut: Maktbah Islami, 1403.A.H.
- Abou El Fadl, K. *The search for beauty in Islam: A conference of the books*. Lanham,MD: Rowan & Littlefield. 2006.
- Abu Hayān, Muhammad bin Yusaf, *Tafseer al Bahar –ul-Muheet*. Beirut: Dār-ul-Fikar1398.A.H.
- Ahmad Amuri Jaleel Alzāhidi, *Al Waseyat –ul-Qurān Fi Elaj Nushuz-ul-Zojain Wa Aqwāl –e-Fuqāha*, Mujallah Qulya ulum e Islāmia.
- Al Alusi, Abul Fazal Mahmod Afandi. *Ruh ul Māni fi Tafseer al Qur'ān al Azīm-Wa-saba Masānī.* Beirut: Dar ul kutub Al Elmia, 1415 A.H.
- Al Asfahāni Hassan b. Muhammad, *Mufridāt ul Qurān*. Beirut: Dār ul Kutub al 'Elmiah. 1435.A.H.
- Al Bukhāri, Muhammad Bin Ismail, *Al Jaame AL Sahih* , Cairo: Dar Altaoq Alnijāh, 1422.A.H.
- Al Dārmi, Muhammad bin Habbān, *Sahih Ibn-Habaan*: Beirut: Moasasa tu Risala, 2000.
- Al Marāghi, Ahmad bin Mustfa, *Tafseer Al Muraghi*, Cairo: Mustfa Albābi, 1365,A.H.
- Al Navavi, Yahaya bin Sharraf, *Al Majmooh Sharah Al Muhazab*. Beirut: Dar ul Fikar.
- AL Rāzi, Abu Bakar Ahmad bin Ali, *Ahkām ul Qur'ān*. Beirut: Dar ul Fikar, Barut.
- Al Rāzi, Muhammadbin Umar, *Mafāteeh ul Ghaib*. Beirut: Dar ul Kutub al-Ilmaiah.
- AL Sharbeni, Muhammad Al khatīb, *Mughnin Al Mohtāj li maarifa tul Mani Alfāz Al minhāj*, Cairo: Dar ul Ahya ul Kutub. 1230A.H.

- Al-Bahiqi , Ahmad Al Husain b. Ali. Al-*Sunan Alkubra*ā. Beirut: Dar ul Kutub al Elmia, 2003.
- Al-Qurtbi, Muhammad bin Ahmad. *Ahkām ul Qur'an*. Beirut: Dār ul Alim ul Kutub, 1423.AH.
- Ghulām Ahmad Parvez. *Matālib ul Furqān*. Lahore: Tulu'-e-Islām Trust, 1993.
- Ibn-Al Arbi, Abu bakar Ahmad b. Abdulah, *Ahkām ul Qur'ān*. Beirut: Dar ul kutub Al elmiah, 2003.
- Ibn-e-Ashor, Muhammad Al Tahir , *al-Tahrīr wa Tanvīr*. Tunas: Dār al-tonsia al nashar, 1984.
- Ibn-e-Māja , *Al Sunan*. Beirut: Dar ul Ahya ul Kutub Alarbia.
- Laleh Bakhtiar, *The Sublim Qur'an* www.sublimequran.org,Chiego 2009. accessed :, 2019.
- Mofiq-u-Din Abullah b. Ahmad , *al Mughnī al Mukhtasr*. Beirut: Dār ul Kutub ul Arbi, 1983.
- Muhammad b. Abu Bakar, *Mukhtār-u -Sahih*, Beirut: Maktabat-ul-Athria, 1999.
- Muhammad bin Ahmad b. Arfa, *Hāshia al Dasooqi Shrah Al Kabīr*. Egypt: Dar ul Ahya ul Kutub Al Arbia, 1230A.H.
- Muhammad Sanāullah Pāni Pati. *Tafseer Mazhari*, Lahore: Maktbah Rashedia, 1412 A.H.
- Muslim Bin Hajāj al Qusheri. *al-Sahih*, Beirut: Dār ul Kutub ul Arbi, 1983.
- Rafi ullah Shihab Right's of Women in Islamic Sharia( Lahor: Indus Publishing House 1986)
- Rasheed Razā, *Tafseer Al Manār*. Egypt: Al heyat u Misria Al Aama lil kutub, 1990.
- Riffat Hassan,"*Feminism in Islam*," in Feminism and World Religion, ed. Arvind Sharma and Katherine. K. Young,
- Ubaidullah Sindhi, *Tafseer Al Maqām –e-Mehmood*, Mufti Abdul Qadeer, Makki Lahore: Dar ul kutub.
- Zamakhsri, Muhammad b. Umar, *Tafseer Al Kashāf*. Beirut: Dar ul Kutub Al Arbiah.